آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز منگل 25 اگست 2020ء بمطابق 05 محرم الحرم 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 230

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع	
فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

بلوچستان کے مسائل کی ایک اہم وجہ قومی اسمبلی میں محدود نمائندگی ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

اسرائیل کو تسلیم کرنے کے حوالے سے سعودی عرب اور پاکستان کے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں، بھارت مقبوضہ کشمیر میں ناکامی کی وجہ سے فالس فلیگ آپریشن کرسکتا ہے، مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے بھارت کا موقف پٹ رہا ہے

مقبوضہ کشمیر میں اٹھنے والی تحریک بتا رہی ہے کہ فتح ان کا ہی مقدر ہوگی، جہاں ہر 8 افراد پر ایک فوجی بندوق لے کر کھڑا ہو وہاں سرمایہ کاری میں کیا بہتری آسکتی ہے، چین اور بھارت کی کشیدگی ابھی ختم نہیں ہوئی

چینی صدر کا دورہ پاکستان غیر معمولی نوعیت کا ہوگا، افغانستان میں ایک بگاڑ پیدا کرنے والا گروپ بھی موجود ہے، افغان طالبان کے وفد سے (آج) منگل کو ملاقات ہوگی، شاہ محمود قریشی کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ سعودی عرب نے نہ پیسے واپس مانگے اور نہ ہی تیل بند کیا ہے، اسرائیل کو تسلیم کرنے کے حوالے سے سعودی عرب اور پاکستان کے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں، بھارت مقبوضہ کشمیر میں ناکامی کی وجہ سے فالس فلیگ آپریشن کرسکتا ہے، مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے بھارت کا موقف پٹ رہا ہے، مقبوضہ کشمیر میں اٹھنے والی تحریک بتا رہی ہے کہ فتح ان کا ہی مقدر ہوگی، جہاں ہر 8 افراد پر ایک فوجی بندوق لے کر کھڑا ہو وہاں سرمایہ کاری میں کیا بہتری آسکتی ہے، چین اور بھارت کی کشیدگی ابھی ختم نہیں ہوئی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) مزمل حسین ملاقات کررہے ہیں صوبائی وزراء طارق مگسی اور میر سلیم کھوسہ بھی موجود ہیں

سعودی عرب نے نہ پیسے واپس مانگے اور نہ ہی تیل بند کیا ہے

شاہ محمود قریشی

اب ہمیں لاشوں کی سیاست کی بجائے تعلیم، صحت، پانی کی فراہمی، روزگار کو اپنا نعرہ بنانا ہے، ہم 2008 سے 2013 کے درمیان ہونے والی حکمرانی اور گورننس ماڈل کو بھول گئے ہیں یا ہم اسے یاد نہیں کرنا چاہتے

اجلاس میں حکومتی جماعتوں بلوچستان عوامی پارٹی، پاکستان تحریک انصاف، عوامی نیشنل پارٹی، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی، بی این پی عوامی اور جمہوری وطن پارٹی کے اراکین اسمبلی نے شرکت کی

نام نہاد قوم پرست، انسانی حقوق کے علم بردار اور کچھ میڈیا کے لوگ بلوچستان میں اساتذہ، لیویز، پولیس کے اہلکاروں، ڈاکٹروں، عام آدمی، مسافروں سمیت دیگر افراد کی ٹارگٹ کلنگ، آئی ای ڈی حملوں پر کیوں خاموش ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (ش ن) قائد ایوان وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت صوبائی حکومت میں شامل سیاسی جماعتوں کی مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے منعقدہ اہم اجلاس میں قومی اسمبلی میں بلوچستان کی نشستوں میں اضافے کا مطالبہ کیا گیا ہے، اجلاس میں حکومتی جماعتوں بلوچستان عوامی پارٹی، پاکستان تحریک انصاف، عوامی نیشنل پارٹی، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی، بی این پی عوامی اور جمہوری وطن پارٹی کے اراکین اسمبلی نے شرکت کی، اجلاس میں بلوچستان اسمبلی کی نشستوں میں اضافے کا غیر مقدم کرتے ہوئے کہا گیا کہ جس طرح سینٹ میں بلوچستان اسمبلی کی نشستوں میں اضافے کی تحریک پیش کرکے منظور کی گئی اسی طرح قومی اسمبلی میں بھی بلوچستان کی نشستوں میں اضافہ کیا جائے۔ اجلاس میں اتفاق رائے سے طے کیا گیا کہ قومی اسمبلی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوئٹہ ایک اور فراڈ کمپنی کا انکشاف، سالوں عوام پھر کروڑوں روپوں سے محروم

لوگوں کو ان کی جمع پونجی سے محروم کرنے والوں کو قانونی کٹہرے میں لایا جائیگا، انہیں اپنے کیے کی سزا ضرور ملے گی، ڈی جی نیب بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں لوگوں کو اربوں روپوں سے محروم کرنے والی جعلی کمپنی تھری لائنس کے بعد پش آن مارکیٹنگ کے نام سے ایک اور فراڈ کمپنی کا انکشاف ہوا ہے، ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان نے جعلی کمپنی کے حوالے سے ملنے والی عوامی

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

مستونگ میں اتفاقیہ گولی لگنے سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) مستونگ میں اتفاقیہ گولی لگنے سے ایک شخص جاں بحق پولیس کے مطابق یہ کہ مستو

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے علاقے پنجگور میں مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا ہے

پنجگور (آن لائن) بلوچستان کے علاقے پنجگور میں مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما مرحوم سینیٹر میر حاصل بزنجو کی نشست خالی قرار دیدی

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما مرحوم سینیٹر میر

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ڈوب پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش کو گرفتار کرکے چرس برآمد کرلیا ہے

ڈوب (آن لائن) ڈوب پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش کو گرفتار کرکے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

معاون خصوصی ڈاکٹر معید یوسف کی صدر آئی پی یو جیریا کوئس سے ملاقات، پاکستان اور میکسیکو کے تعلقات کو مستحکم کرنے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی ڈاکٹر معید یوسف نے صدر آئی پی یو جیریا کوئس سے ملاقات

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے قومی اسمبلی و صوبائی اسمبلی کے اراکین کی ملاقات، ترقیاتی کاموں اور حلقوں سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان سے ممبران قومی اسمبلی و صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا نے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

ڈی دل سے نمٹنے کے لیے برطانیہ کی جانب سے 40 لوکسٹ کراپس سپرے مشینیں پاکستان پہنچادی

اسلام آباد (این این آئی) ڈی دل سے نمٹنے کے لیے برطانیہ کی جانب سے 40 لوکسٹ کراپس سپرے

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

ایراطازمین کا معاملہ سادہ نہیں، مختلف فارمز پر جارہے ہیں، چیئرمین ایران

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین ایران لیفٹیننٹ جنرل ندیم افضل نے کہا ہے کہ ایراطازمین کا

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

نواز شریف جیل میں سزا کاٹ رہے تھے واپس آئیں گے تو جیل ہی جائیں گے، فواد چوہدری

عدالت نے شیورٹی کو تبدیل کیا، شہباز شریف کو بلا کر نواز شریف کی واپسی کی بات کرنی چاہیے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ نواز شریف جیل میں سزا کاٹ رہے تھے واپس آئیں گے تو جیل ہی جائیں گے۔ اپنے بیان میں فواد چوہدری نے کہا کہ عدالت نے شیورٹی کو تبدیل کیا، شہباز شریف کو بلا کر نواز شریف کی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے مختلف مد میں محکمہ مواصلات و تعمیرات سے 10 کروڑ 88 لاکھ سے زائد رقم وصول کرکے قومی خزانے میں جمع کروادی

کوئٹہ (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے مختلف مد میں محکمہ مواصلات و تعمیرات سے 10 کروڑ 88 لاکھ سے زائد رقم وصول کرکے قومی خزانے میں جمع کروادی۔ تفصیلات کے مطابق پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے حالیہ اجلاس میں محکمہ مواصلات و تعمیرات میں بے ضابطگیوں غیر ضروری ادائیگی اور مختلف منصوبوں میں

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

منشیات کی دنیا کے مگرمچھوں کے خلاف کارروائی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، اعظم سواتی

وزیراعظم عمران خان کا ویژن بھی یہی ہے منشیات فروشوں کو پکڑ میں لایا جائے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر انسداد منشیات اعظم سواتی نے کہا ہے کہ منشیات کی دنیا کے مگرمچھوں کے خلاف کارروائی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، وزیراعظم عمران خان کا ویژن بھی یہی ہے کہ منشیات فروشوں کو پکڑ میں لایا جائے۔ بی کو وفاقی وزیر نے اینٹی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

مرحوم حاصل بزنجو آخری وقت تک لڑتے رہے وہ صوبائی خودمختیاری کے علمبردار تھے، سردار یعقوب خان ناصر

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے سینئر مرکزی نائب صدر سینیٹر سردار یعقوب ناصر اور بے یوائی کے مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن سابق وفاقی وزیر پوسٹل سروسز مولانا امیر زمان نے اپنے بیان میں نیشنل پارٹی کے صدر سینیٹر میر حاصل بزنجو کے وفات پر دکھ کا اظہار کرتے کہا کہ کہ مرحوم نے ملک میں مظلوم و محکوم اقوام

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے الیکٹریکل الیکٹرنک سروسز کے کنسلٹنٹ عمران موسکانی کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

حکومت کا طریقہ کار اپوزیشن والوں کی طرح ہے، آج بھی کنٹینرز پر چڑھے ہوئے ہیں، شہباز شریف

حکومت سی پیک پروجیکٹ کی کرپشن ثابت نہیں کرسکی، اپوزیشن کو دیوار سے لگایا جارہا ہے پوری قوم یہ تماشا دیکھ رہی ہے

اشرافیہ کے پیچھے چھپی ہے جن سے کوئی نہیں پوچھ سکتا، تحریک انصاف نے سی پیک پر الزامات لگائے، پریس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر شہباز شریف ایک بار پھر وفاقی حکومت پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کا طریقہ کار اپوزیشن والوں کی طرح ہے، آج بھی کنٹینرز پر چڑھے ہوئے ہیں، اشرافیہ ان کے پیچھے چھپی ہے جن سے کوئی نہیں پوچھ سکتا، تحریک انصاف نے سی پیک پر الزامات لگائے، حکومت سی پیک پروجیکٹ کی کرپشن ثابت نہیں کرسکی، اپوزیشن کو دیوار سے لگایا جارہا ہے پوری قوم یہ تماشا دیکھ رہی ہے، چینی، تاتا، ہرن کے بعد چینی کی قیمتیں

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

اپوزیشن پہلے دن سے حکومت کو بلیک میل کرنیکی کوشش کررہی ہے، سینیٹر فیصل جاوید

اپوزیشن آنے والے دنوں میں بلیک میلنگ کا ایک اور حربہ استعمال کرے گی، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر فیصل جاوید نے کہا ہے کہ اپوزیشن کرپشن، منی لانڈرنگ بچانے کیلئے پہلے دن سے حکومت کو بلیک میل کرنے کی کوشش کررہی ہے، وزیراعظم کے پارلیمنٹ سے پہلے خطاب پر ہی ہنگامہ شروع کردیا

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

جب تک دودھ کا بائیکاٹ نہیں کیا جاتا قیمتوں میں سستے کام نہیں آسکتا

چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ

ہم نے ڈیری فارمز کیلئے فی لیٹر 105 روپے کا نرخ نامہ ترتیب دیدیا ہے لیکن اسے فائنل نہیں کرسکے کیونکہ ہم سمجھ رہے تھے کہ عدالت نے فی لیٹر 100 روپے مقرر کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں

قانونی طور پر دیکھیں دودھ کے تعین کے حوالے سے کمیٹی کے نمائندے انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ کی کمیٹی میں شامل کرلئے جائیں، بلوچستان ہائی کورٹ نے محکمہ انڈسٹریز

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ نے محکمہ انڈسٹریز اور خواست گزار اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کا مشترکہ اجلاس طلب کرکے متفقہ نرخ مقرر کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ دودھ کی قیمتوں میں اضافے پر پورا شہر ڈیری فارمز مالکان سے تاراض ہے، جب تک دودھ کا بائیکاٹ نہیں کیا جاتا قیمتوں میں استحکام نہیں آسکتا۔ یہ ریمارکس بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس جمال خان مندوخیل اور جسٹس جناب جسٹس عبدالحمید بلوچ پر مشتمل بینچ نے دودھ کی قیمتوں میں خود ساختہ اضافے سے متعلق سینیٹر سحابی نسیم حمید یوسفزئی کی جانب

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

ایک سال میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں 424 ملین ڈالر کمی ہوئی ہے، عمران خان

معیشت درست راستے پر واپس آگئی ہے، کرنٹ اکاؤنٹ بیلنس میں زبردست تبدیلی برآمدات اور ترسیلات زر میں اضافے کی وجہ سے آئی ہے

جولائی 2019 میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 613 ملین ڈالر تھا، جون 2020 میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 100 ملین ڈالر رہ گیا ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ معیشت درست راستے پر واپس آگئی ہے، صورتحال میں یہ نمایاں بہتری برآمدات جو جون 2020 کی نسبت 20 فیصد زیادہ رہی ہیں، مسلسل بحالی اور ریکارڈ ترسیلات زر کا نتیجہ ہے۔ وزیراعظم عمران خان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ معیشت درست راستے پر واپس آگئی ہے، جولائی 2019 میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 613 ملین ڈالر تھا، جون 2020 میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 100 ملین ڈالر رہ گیا ہے۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ ایک سال میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں 424 ملین ڈالر کمی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرنٹ اکاؤنٹ بیلنس میں زبردست تبدیلی برآمدات اور ترسیلات زر میں اضافے کی وجہ سے آئی ہے۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ پاکستانی برآمدات میں گزشتہ ماہ کے مقابلے میں 20 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ صورتحال میں یہ نمایاں بہتری برآمدات جو جون 2020 کی نسبت 20

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

موجودہ حکمرانوں کے دن گنے جاچکے ہیں اپوزیشن اب ان کی گرتی ہوئی دیوار کو گرادے گی، عملی مدد جاری

اپوزیشن متحد اور ایک پیج پر ہے محرم کے بعد حکمران بنا دھم شروع کردی جائے گی جو حکمرانوں سے جان خلاصی تک جاری رہے گی

شہید ذوالفقار علی بھٹو نے عوام کو شعور دیا اور عوام ہی کو حق حاکمیت کا مالک بنایا عوام کی طاقت ہی جمہوریت کا حسن ہے، پی پی بلوچستان

تمبو (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے موجودہ حکمرانوں کے دن گنے جاچکے ہیں اپوزیشن اب ان کی گرتی ہوئی دیوار کو گرادے گی اپوزیشن متحد اور ایک پیج پر ہے محرم کے بعد حکمران بنا دھم شروع کردی جائے گی جو حکمرانوں سے جان خلاصی تک جاری رہے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے جتک ہاؤس میں قومی اتحاد کے رہنما پارٹی مرکز اور نصیر آباد پریس کلب کے صدر ولی محمد زہری کی قیادت میں ملنے والے صحافیوں کے وفد سے بات چیت کرتے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

جیونی سے غیر قانونی طور پر بیرون ممالک جانے والے 20 افراد کو پولیس نے دھر لیا

گوادر (آن لائن) جیونی سے غیر قانونی طور پر بیرون ممالک جانے والے 20 افراد کو پولیس نے دھر لیا، سمندری راستے سے بذریعہ اسپیڈ بوٹ ایران جارہے تھے، گرفتار کیے گئے افراد میں۔ نو عمر لڑکے بھی شامل ہیں تفصیلات کے مطابق پاکستان سے غیر قانونی طور پر ایران جانے والے 20 پاکستانیوں کو پولیس نے گرفتار

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

گوادر کے کسی بھی شہری کو بے دخل نہیں کیا جائے گا، سلیم عاصم باجوہ

سی پیک منصوبے کسی بھی بے دخل کرنے کے لیے نہیں ہیں سی پیک منصوبے لوگوں کی ترقی اور بہتر مستقبل کی ضمانت ہے

گوادر کے نوجوانوں کو اسکالر پر چائنا بھیجا جائے گا جبکہ پاک چائنا انسٹی ٹیوٹ بہت جلد بحال کردی جائے گی، چیئرمین سی پیک اتھارٹی

گوادر (آن لائن) سی پیک اتھارٹی کے چیئرمین عاصم سلیم باجوہ نے کہا ہے کہ سی پیک منصوبے میں گوادر کے کسی بھی شہری کو بے دخل نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا سی پیک منصوبے کسی بھی بے دخل کرنے کے لیے نہیں ہیں سی پیک منصوبے لوگوں کی ترقی اور بہتر مستقبل کی ضمانت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر سے آئے ہوئے کالجی محلہ وفد سے ملاقات کے دوران کیا عاصم سلیم باجوہ نے کہا کہ وہ بہت جلد وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کرکے گوادر کا دورہ کریں گے انہوں نے کہا کہ گوادر کے نوجوانوں کو اسکالر پر چائنا بھیجا جائے گا جبکہ پاک چائنا انسٹی ٹیوٹ بہت جلد بحال کردی جائے گی انہوں نے کہا کہ گوادر کے نوجوانوں کو فنی تعلیم، ایم فل اور ایم بی بی ایس کی تعلیم کے لیے گوادر یونی ورسٹی قائم کردی جائے گی عاصم سلیم باجوہ نے کہا کہ سی پیک منصوبے کسی کو بے دخل کرنے کے لیے نہیں ہیں اور سی پیک منصوبے میں گوادر کے کسی بھی شہری کو بے گھر نہیں کیا جائے گا بلکہ سی پیک منصوبے لوگوں کے بہتر مستقبل کے لیے ہیں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

حکومت عوام کی امیدوں پر پوری نہیں اتری حکمرانوں کا یوٹرن اور دھوکہ بازی بے نقاب ہوچکی ہے، قمر زمان کائرہ

الیکشن میں عوام کو سنہرے خوابوں کے سبز باغ دکھانے والوں نے عوام کو بڑی مشکلات میں دھکیل دیا ہے، صدر پیپلز پارٹی پنجاب

اوکاڑہ (این این آئی) پیپلز پارٹی پنجاب کے صدر قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ حکومت عوام کی امیدوں پر پوری نہیں اتری حکمرانوں کا یوٹرن اور دھوکہ بازی بے نقاب ہوچکی ہے الیکشن میں عوام کو سنہرے خوابوں کے سبز باغ دکھانے والوں نے عوام کو بڑی مشکلات میں دھکیل دیا ہے بھوک غربت بیروزگاری میں اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے حکومت ہے کہ جسے عوام کی حالت کی فکر نہیں اپوزیشن کو دیوار کے ساتھ لگانے کی فکر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیپلز پارٹی تحصیل اوکاڑہ کے صدر رانا ایاز الکریم سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، قمر زمان کائرہ نے کہا کہ موجودہ حکمرانوں کی دو سالہ کارکردگی ناکامیوں

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ جنوبی وزیرستان میں جوانوں سے بات چیت کررہے ہیں

کورونا وائرس کے باعث بند کی جانے والی ٹرینیں تاحال بحال نہ کی جاسکیں

ٹرینوں کی بندش سے سندھ اور پنجاب جانے والے مسافر شدید پریشانی کا شکار، ٹرینوں کو دوبارہ بحال کیا جائے، عوامی حلقے

سبی (این این آئی) کورونا وائرس کے باعث بند کی جانے والی ٹرینیں تاحال بحال نہ کی جاسکیں ٹرینوں کی بندش سے سندھ اور پنجاب جانے والے مسافر شدید پریشانی کا شکار کوئٹہ سے صرف ایک ہی ٹرین جعفر ایکسپریس چلائی جارہی ہے جو مسافروں کی بڑھتی ہوئی تعداد کیلئے ناکافی ہے کورونا وائرس کے باعث بند کی جانے والی ٹرینوں کو دوبارہ بحال کیا جائے عوامی حلقے تفصیلات کے مطابق گزشتہ کئی ماہ سے کورونا وائرس کے باعث بند کی جانے والی کوئٹہ سے براستہ فیصل آباد اکبر

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

سرحدی شہر چمن میں ہونے والے بم دھماکے کے اینٹی ٹارکوٹکس فورس کے زخمی اہلکار چل بسے

کوئٹہ (آن لائن) سرحدی شہر چمن میں ہونے والے بم دھماکے کے اینٹی ٹارکوٹکس فورس کے زخمی اہلکار چل بسے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق چمن بم دھماکے میں شدید زخمی ہونے والا اے این ایف کا جوان سپاہی جلال الدین شہید ہوگیا، 10 اگست کو چمن میں

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

حکومت وقت کو شاہراہوں کی تعمیر میں ناقص میٹریل استعمال کرنے کا نوٹس لینا چاہیے، مولانا عبدالحق ہاشمی

بلوچستان میں ناقص زیادہ اور اکثر شاہراہوں کو بارش و سیلاب ایک سال کے اندر خراب کردیتے ہیں، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ حکومت کوئٹہ کراچی شاہراہ پر مزید جانوں کا انتظار کیے بغیر فی الفور کام شروع کرتے ہوئے دورہ کیا جائے روزانہ ٹریفک حادثات قیمتی جانوں کا نقصان ہورہا ہے فی الحال ٹریفک کو متبادل راستے سے گزارنے کا کام شروع کیا جائے۔

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

25 اگست 2020ء

احتساب کی حمایت سب کو کرنی چاہیے

وزیراعظم کے معاون خصوصی شہزاد اکبر نے کہا ہے کہ نواز شریف کو بطور مجرم واپس لائیں گے۔ جبکہ مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کا کہنا ہے کہ حکومت مختلف شعبوں میں اپنی ناکامیوں کو چھپانے کیلئے انتقامی کارروائیاں تیز کررہی ہے۔ وفاقی حکومت نے نواز شریف کو وطن واپس لانے کی کوششیں شروع کررہی ہیں۔ جبکہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ حکومت کی مرضی سے ہی نواز شریف عدالت کے ذریعہ ریلیف حاصل کرکے بغرض علاج لندن گئے ہیں۔ پیپلز پارٹی کی رہنما نفیسہ شاہ نے مطالبہ کیا ہے کہ آٹا، چینی بحران پیدا کرنے والوں کو کٹہرے میں لایا جائے۔ بظاہر یہ حکومت پر جوابی حملہ قرار دیا جاسکتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ نفیسہ شاہ نے اصولی طور پر درست بیان دے کر عوام کی ترجمانی کی ہے۔ اب سے پہلے مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کے قائدین صرف یہ مطالبہ کرتے رہے ہیں۔ کہ ان کے خلاف کیسیز ختم کیئے جائیں۔ آج پہلی بار نفیسہ شاہ نے کسی کے کیسیز ختم کرنے کے بجائے ملزمان کو کٹہرے میں لانے کا مطالبہ کیا ہے۔ پاکستان کے عوام اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ بدعنوانیوں میں ملوث عناصر خواہ ان کا تعلق کسی بھی جماعت سے ہو وہ عوام کی غربت اور بدحالی کے ذمہ دار ہیں اور چاہیے کوئی حزب اختلاف سے متعلق ہو یا حزب اقتدار سے اس کا محاسبہ کیا جانا ضروری ہے۔ اگر تمام سیاسی جماعتیں بلاامتیاز احتساب پر متفق ہوجائیں۔ تو بہت سے مسائل خود بخود حل ہوجائیں گے۔ اس بارے میں کسی کو شبہ نہیں کہ حکمراں طبقے کے تمام نمائندے بدعنوان اور قومی دولت لوٹنے میں ملوث رہے ہیں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ حکمرانوں کا احتساب کرنے کے بجائے گذشتہ دنوں اس بات پر اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی گئی کہ قومی احتساب بیورو کو ختم کرکے احتساب کا عمل روکر دیا جائے۔ کسی بھی سیاسی جماعت کے یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ اپنے کسی رکن کی غیر قانونی سرگرمیوں کا دفاع کرکے اور قومی اداروں کو اپنے فرائض کی ادائیگی سے روکے۔ سیاسی جماعتوں کو اپنے ارکان کی انفرادی منفی سرگرمیوں سے کوئی سروکار نہیں ہونا چاہیے بلکہ ان کی تمام ہمدردیاں قانون کے نفاذ میں ہونی چاہئیں۔

پلوچستان میں سفری سہولیات کا فقدان اور روڈ ایکسیڈنٹ کی بھرمار

بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جو کم وبیش 190,347 مربع کلومیٹر رقبے پر مشتمل ہے۔ اور کل رقبے کا 44 فیصد بنتا ہے جبکہ سڑکوں کی مجموعی لمبائی 28490 کلومیٹر ہے جو 05.0 اسکوائر فی کلومیٹر بنتا ہے۔ بلوچستان میں عوام کو سفری سہولیات نام کی کوئی شے دستیاب نہیں۔ آبادی 65 لاکھ بلوچستانی لوگوں کو بیرون صوبہ جانے کیلیے صرف ایک ریلوے ٹرین ہے جسے میر ظفر خان جمالی کے نام سے موسوم کیا گیا ہے جو پاکستان کے متذکرہ علقوں کی اہل بلوچستان سے محبت کا بین ثبوت ہے۔ یہ ٹرین کوئٹہ سے راولپنڈی کے لیے چلتی ہے اس ٹرین سے اندرون بلوچستان رہنے والے لوگوں کو کوئی فائدہ نہیں، نصیر آباد ڈویژن کے شہروں مسلاً اوستہ محمد، صحبت پور، جھل مگسی اور دوسری طرف ماشکیل، خاران جنوبی بلوچستان کے شہروں ژوب، لورالائی اور کوہلو، کوئٹہ، بارکھان کے عوام کو کوئی سفری سہولت نصیب نہیں۔ یہاں کے لوگ ویگنوں میں ٹھس کر، دب کر اور دھنس کر سفر کرنے پر گذشتہ 70 سالوں سے مجبور ہیں۔ اگر آپ کو ڈیرہ الہ یار سے یا ڈیرہ مراد جمالی سے کوئٹہ آنا ہے تو آپ کو جیکب آباد سے ویگن کی سٹ بک کرانا ہوگی بصورت دیگر آپ ویگن کی چھت پر بیٹھکر سفر کریں گے اور یہ سفر آپ کا آخری سفر بھی ہوسکتا ہے۔ کیونکہ ایک ویگن میں 16 سیٹیں ہوتی ہیں جبکہ ویگن مالکان 22 مسافروں کو سوار کرتے ہیں اور اکثر تعداد بڑھ جانے کی وجہ سے مسافر خود اپنی رضا و رغبت، خواہش، منشاء بلکہ میرے خیال میں باحالت مجبوری چھت پر سفر بھی کرتے ہیں اور وہ بھی سخت سردیوں کے دنوں میں مسافروں سے پورا کرایہ وصول کرکے ان پر نٹ، ترپال یا کمبل ڈال کر انہیں منزل مقصود پر پہنچایا جاتا ہے جس کا شاخسانہ گذشتہ دنوں مظوری روڈ پر اندوہناک ایکسیڈنٹ کی صورت میں بھی اٹھانا پڑتا ہے خبر کے مطابق

سی نو جیکب آباد ویگن اور مزدا میں خوف ناک تصادم ہوا ایکسڈنٹ مظوری سے مقام پر ہوا مقامی انتظامیہ نے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا۔

مظوری ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 21 ہے مزدا ٹرک اور مسافر ویگن میں مظوری کے قریب تصادم جس کے نتیجے میں 21 افراد جاں بحق ہوگئے۔ جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد کی تعداد میں اضافے کا خدشہ ہے افسوس ناک خبر یہ ہے کہ سبی نو جیکب آباد ویگن اور مزدا میں خوف ناک ایکسڈنٹ مظوری کے مقام پر ہوا مقامی انتظامیہ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا۔ مظوری ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 21 سے تجاوز ہوسکتی ہے

مزدا ٹرک اور مسافر ویگن میں مظوری کے قریب تصادم جس کے نتیجے میں 21 افراد جاں بحق جبکہ متعدد افراد زخمی ہوئے ہیں جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد کو ایدھی اور لیویز فورس کی مدد سے سول ہسپتال سبی منتقل کیا

زخمی ہونے والے افراد میں خواتین سمیت بچے بھی شامل ہیں زخمیوں کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے مزید ہلاکتوں کا خدشہ ہے،

ہسپتال ذرائع واقعے کی اطلاع ملتے ہی لیویز فورس اور ایدھی ایمبولینس جائے وقوع پر پہنچ گئی، ٹریفک حادثے کے بعد ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر بازئی کی خصوصی ہدایات پر سول اسپتال سبی میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی۔ ایک رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں جولائی کے مہینے میں 1099 حادثات، 1462 زخمی اور 123 اموات ہوئے ہیں۔ جولائی 2020 کے مہینے میں بلوچستان میں حادثات کی اعداد و شمار بلوچستان کے شاہراہوں پر موت کا رقص جاری۔ بلوچستان میں جولائی کے مہینے میں 1099 حادثات، 1465 زخمی اور 124 اموات ہوئے ہیں۔ مزید تفصیلات درج ذیل ہے۔

کوئٹہ، پشین، خانوزئی 95 حادثات 121 زخمی اور 23 اموات۔ مستونگ، قلات 187 حادثات، 273 زخمی اور 17 اموات۔ خضدار، سوراب 174 حادثات، 216 زخمی اور 21 اموات۔ لسبیلہ، گنداخا، حب، وندر 397 حادثات، 483 زخمی اور 11 اموات۔ چمن، کلہ عبداللہ، مسلم باغ، موسیٰ خیل، قلعہ سیف اللہ 41 حادثات، 60 زخمی اور 8 اموات۔ ژوب زیارت برخانی لورالائی دکی، شیرانی 113 حادثات، 148 زخمی اور 13 اموات۔ نوشکی خاران، دالبندین، چغتان، چاغی، تربیسمہ، واشک 32 حادثات، 52 زخمی اور 9 اموات۔ گوادر، تربت، تمپ، اورماڑہ، پسنی آوران 21 حادثات، 47 زخمی اور 13 اموات۔ سبی، ٹوتال، بولان، نصیر آباد، ڈیرہ مراد جمالی، ڈیرہ اللہ یار، بارکان سوبت پور، ڈیرہ بگٹی جھل مگسی کوہلو 39 حادثات، 65 زخمی اور 9 اموات۔ اموات میں 14 کمسن اور معصوم بچے اور 6 خواتین شامل ہیں۔

دیکھنا یہ ہے کہ اس قدر حادثات اور اموات کے بعد حکومت نے کیا ایکشن لیا؟ کیا اس بات کی تحقیقات کی گئیں کہ ویگن میں گنجائش سے زیادہ سواریاں کیوں بٹھائی گئیں اور متعلقہ محکمہ اور ٹریفک حائی وے پولیس نے کارروائی کیوں نہیں کی؟؟؟

سید علی گیلانی نشان پاکستان

کشمیر حریت کانفرنس کے رہنما سید علی گیلانی صاحب کو وزیراعظم پاکستان جناب عمران خان نے "نشان پاکستان" کے اعزاز سے نوازا ہے۔ یہ اعزاز حریت کانفرنس کے پاکستان میں نمائندے غلام محمد صفی اور رشید ترابی وغیرہ نے ایوان صدر میں صدر پاکستان جناب عارف علوی صاحب کے ہاتھوں وصول کیا۔ علی گیلانی صاحب جماعت اسلامی مقبوضہ کشمیر کے بنیادی رہنما ہیں۔ جماعت اسلامی کے پلیٹ فارم سے کشمیر کی آزادی کے لیے جد وجہد شروع کی، جو ۷۲ سال سے جاری ہے۔ سید علی گیلانی صاحب نے ساری عمر جیل میں گزاری۔ اب جب مقبوضہ کشمیر ۵ اگست ۲۰۱۹ء سے مسلسل محاصرے میں ہے۔ سید علی گیلانی بھی گھر میں نظربند ہیں۔ بھارت کی صدارت تک کی پیشکش ٹھکرانے والے فرشتہ صفت ۹۰ سالہ سید علی گیلانی بھارت کے مظالم کے خلاف پہاڑ بن کر کھڑے ہیں۔

تقسیم ہند کے بین الاقوامی طور پر متفقہ منصوبے کے خلاف سازش کرکے بھارت نے جموں وکشمیر میں اپنی فوجیں بھیج کر قبضہ کرلیا تھا۔ اس جارحیت کے رد عمل میں گلگت بلتستان کے مقامی مجاہدین نے راجہ کی فوجوں کو اپنے علاقے میں شکست دے کر نکال باہر کردیا۔ آزاد جموں وکشمیر کا موجودہ تیس سو میل لمبا اور تین میل چوڑا علاقہ، پونچھ کے سابق کشمیری فوجیوں، پاکستان کے قبائلیوں اور پاکستانی فوج نے آزاد کرایا۔ یہ اتحادی فاتح فوجی سری نگر تک پہنچنے والے تھے۔ بھارت کے مکار وزیراعظم نہرو اقوام متحدہ میں یہ درخواست لے کر گئے، کہ امن قائم ہونے کے بعد کشمیریوں کو حق خودارادیت دیں گے۔ چاہے وہ پاکستان کے ساتھ شامل ہوں چاہے بھارت کے ساتھ۔ اس کی تائید میں اقوام متحدہ نے درجنوں قراردادیں پاس کی ہوئیں ہیں۔ چالاک بنیا نے یہ چال طرف وقت حاصل کرنے کے لیے چلی تھی۔ پاکستان سے غلطی ہوئی کہ اس چال میں پھنس گیا۔ ورنہ کشمیر اسی وقت آزاد ہوگیا ہوتا۔ بنیا اپنے سیاسی رہنما چانکیہ کی چال چل کر کامیاب ہوگیا۔ پھر اس کے بعد اپنے وعدے سے مکر گیا۔ یہ دن اور وہ دن کشمیر پر قابض ہے۔ کشمیریوں کو جبر سے غلام رکھنے کے لیے نو (۹) لاکھ فوج لاکھ فوج لگادی۔

اس سے قبل جموں وکشمیر کی نمائندہ جماعت، آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس نے پاکستان بننے سے پہلے ہی اپنے ایک اجتماع میں پاکستان سے الحاق کی قرارداد پاس کی تھی۔ اس سے جموں وکشمیر پاکستان کا پانچواں صوبہ بن گیا تھا۔ پاکستان کے صوبہ جموں و کشمیر کے جس حصہ پر بھارت نے ۱۹۴۷ء سے قبضہ کیا ہوا ہے۔ اسے آزاد کرانے کے لیے مرد مجاہد سید علی گیلانی صاحب نے اپنی ساری زندگی لگادی۔ وہ ایک بہادر پاکستانی ہے۔ تکمیل پاکستان کی جدوجہد کے اعتراف میں عمران خان وزیراعظم پاکستان کے طرف سے ان کو "نشان پاکستان" دینا ایک بڑا تاریخی کارنامہ ہے۔

سید گیلانی صاحب نے اپنی ساری زندگی تکمیل پاکستان میں گزار دی۔ زندگی کا بیشتر حصہ بھارت کی جیلوں میں گزارا۔ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت اور اپنے آپ کو سیکولر کہنے والے بھارت کے چہرے پر بدنما داغ کبھی بھی نہیں دھلے گا جو اُس نے نوے (۹۰) سالہ ایک بوڑھے شخص کو کبھی بھی قید سے آزاد نہیں کیا۔ پانچ اگست ۲۰۱۹ء سے آج تک کشمیری محاصرے میں ہیں اور سید علی گیلانی گھر میں بند ہیں۔ ہٹلر کی پالیسیوں پر چلتے ہوئے دہشت گرد مودی کشمیریوں کی نسل کشی کررہا ہے۔ جہاں تک پاکستان کی بات ہے تو برا ہو اس مغربی جمہوریت کا کہ جس میں برسرے اقتدار حکومت کے اچھے کاموں کو بھی جہالت کی بنیاد پر نام نہاد اپوزیشن ہضم نہیں کرتی۔ مخالفت برائے مخالفت کرتی ہے۔ کیا اس سے قبل کسی پاکستانی حکمران نے عمران خان وزیراعظم پاکستان کی طرح ایسی جرأت کی ہے؟ یہ جرأت صرف اور صرف عمران خان وزیراعظم پاکستان کے حصے میں آئی ہے۔ عمران خان نے صرف دو سال میں کشمیر کاز کے لیے اتنے کام کیے ہیں کہ چھتیس ۳۶ سال میں کسی بھی پاکستانی حکمران نے نہیں کیے۔

پیپلز پارٹی کے بانی ذوالفقار علی بھٹو نے تو کشمیر کے لیے ہزار سال لڑنے کا سیاسی بیان دیا تھا۔ مگر اس کی بیٹی بے نظیر نے تو راجیو گاندھی کے دورہ پاکستان کے موقعہ پر اسلام آباد کی سڑکوں پر لگے کشمیر کے بورڈ تک اُتار دیے تھے۔ جبکہ عمران خان نے اسلام آباد میں ایک سڑک کا نام "سری نگر ہائی وے" رکھ دیا۔ کشمیر کو پاکستان کے نقشے میں شامل کردیا۔ پاکستان کا میڈیا کشمیر کے شہروں کے درجہ حرارت بتانے لگا۔ پیپلز پارٹی پاکستان دشمنی میں ایک قدم آگے بڑھ کر سکھوں کی سٹیں بھی بھارت کو مہیا کردیں تھیں۔ بھارت نے چین چین کے خالصتان کی تحریک چلانے والے سکھوں کو قتل کردیا۔ کیا اس سے یہ گمان نہیں پیدا ہوتا کہ پاکستان میں قائداعظم کے دوقومی نظریہ کے خلاف سیکولر اور روشن خیال بیانیہ رکھنے والی سیاسی پارٹیوں کو بھارت فنڈنگ کرتا رہا ہے۔ عمران خان نے تو سکھوں کی مقدس جگہ تک رسائی دے کر سکھوں کے دل جیت لیے۔ آج بھارت میں دہشت گرد مودی کے مظالم کے خلاف، مسلمانوں کے احتجاج میں سکھ بھی برابر کے شریک ہیں۔

۲ نواز شریف نے بھی اعلانیہ قائداعظم کے دوقومی نظریہ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا تھا کہ مسلمان اور ہندو ایک قوم ہیں۔ ایک جیسا کھاتے ہیں۔ ایک جیسا پہنتے ہیں۔ بس ایک لکیر نے انہیں جدا کیا ہوا ہے۔ میں بنیاد پرست نہیں سیکولر ہوں۔ نواز شریف نے کشمیر کے مسئلہ کو ایک طرف رکھ کر آلو پیاز کی تجارت کی۔ نواز شریف نے تو مغل بادشاہ بن کر بغیر ویزے کے، پاکستان کے مذید دس ٹکڑے کرنے کا اعلان کرنے والے مسلمانوں کے قصائی دہشت گرد مودی، را کے چیف اجیت دول، اسٹیل ٹائیکون اور دوسروں پاکستان دشمن بھارتیوں کو اپنے گھر لاہور بلایا۔ کسی پاکستانی حکمران کے لیے کتنے شرم کی بات ہے کہ پاکستان کے ازلی دشمن بھارت کی خفیہ ایجنسی را کے سربراہ اجیت دول یہ بیان دیں، کہ ہم نے نواز شریف پر بہت کچھ انوسٹمنٹ کیا ہوا ہے۔ ہم نواز شریف کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے۔

اس کے برعکس عمران خان نے دہشت گرد مودی کو دنیا میں ہٹلر کا جانشین مشہور کردیا ہے۔ عمران خان کشمیر اور بھارت کے مظلوم مسلمانوں کے دکھ درد اپنے ہر تقریر میں دہراتا رہتا ہے۔ ڈکٹیٹر مشرف نے تو اقوام متحدہ کی قراردادوں کو ایک طرف رکھ کر آؤٹ آف بکس کشمیر مسئلہ کو حل کرنے کی بات کی تھی۔ مشرف نے کشمیر (جاری ہے)

سکستھ جنریشن وار فیئر

ہم کب تک اپنے حال مست ومال مست معمولات میں مگن مست رہیں گے؟ شریف خاندان اور زرداری اینڈ کمپنی جیسے افراد کا سول، عسکری مناقشہ اور نیب میں جاری ان کے خلاف کرپشن مقدمات جیسے متنوع معاملات نے ہماری توجہ کو اپنے سحر میں

جکڑ رکھا ہے۔ بے معنی مباحث اور طعن وتشنیع قومی سطح پر فکر وعمل کی یکسوئی کو پارہ پارہ کیے دے رہے ہیں جبکہ دشمن ہماری نظریاتی سرحدوں پر بھرپور حملے کررہا ہے لیکن ہماری اولین ترجیح یہ معلوم ہوتی ہے کہ ہم پہلے ایک دوسرے سے تو نمٹ لیں، باقی پھر دیکھا جائے گا۔ بہرحال پھر بھی کچھ چیزیں ایسی ہیں جن کے متعلق ہوشیار رہنا ضروری ہے۔

سب سے پہلا نکتہ تو مودی کی وہ سٹارٹیجکاری کہ جس سرعت کے ساتھ اس نے چین کے تین دورے کیے تھے اور اقوام عالم کو یہ تاثر دیا گیا کہ وہ خاصی اہمیت کے حامل ہیں اور خطے میں چین کو دوستی کے دام میں پھنسا کر اس سے وہ کام لیا جاسکتا ہے جو ہم کبھی بھی جنگ کے ذریعے حاصل نہیں کرسکتے۔ پھر بھارت نے گزشتہ برس بھی بھوٹان کی سرحد کے ساتھ ڈوکلام میں چین کے ساتھ تناؤ کو کسی بڑے ٹکراؤ میں بدلنے سے گریز کیا لیکن درپردہ وہ اس علاقے کو اپنے مجوزہ یکطرفہ 5 / اگست کے غیر قانونی وغیر آئینی اقدام کے بعد مسلسل اپنی کمزوریوں کی اصلاح کرتے ہوئے آئندہ ایسے حالات سے بچنے کیلیے فوجی اقدام پر بھی بھرپور توجہ دیتے ہوئے اپنی طاقت بڑھانے کیلیے اقدامات کرتا رہا۔

اس کے ساتھ ساتھ بھارت نے اچانک اپنے میڈیا میں خبروں کے بلیٹن میں پاکستان میں شامل کشمیر کے علاقوں یعنی گلگت بلتستان مظفرآباد اور دیگر علاقوں کے موسم کے حالات بتا کر باقی ماندہ کشمیر پر اپنا حق جتانے کی غرض سے اپنی اس مکروہ خواہش کا اظہار شروع کردیا اور گلگت سے گزرنے والی سی پیک کی اہم شاہراہ کے بارے میں عملی پروپیگنڈے سے ایک قدم اور آگے بڑھ کر سی پیک کو متنازعہ قرار دینے کی سازشوں کا بھرپور آغاز کردیا اور چند ہی ہفتوں میں سرحدوں پر اپنی افواج کی سرگرمیوں کو بڑھاتے ہوئے سی پیک کے اس پروگرام کو سبوتاژ کرنے کے منصوبے پر عملدرآمد شروع کردیا جس پر پاکستانی سپاہ نے بھی فوری اقدامات کرتے ہوئے نہ صرف دفاعی بلکہ فیصلہ کن اقدامات کیلیے خود کو تیار کرلیا۔ دراصل مکار ہندو چین کو سی پیک کے حوالے سے یہ پیغام دینا چاہتا تھا کہ سی پیک کا عظیم منصوبہ جو کہ "ون روڈ ون بیلٹ" کے ساتھ بھی منسلک ہے، کی تکمیل بھارت کے رحم وکرم پر ہے اور اقوام عالم کو بھی یہ بتانا مقصود تھا کہ اس خطے میں چین کو سپر پاور بننے سے روکنے کیلیے صرف بھارت پر بھروسہ کیا جاسکتا ہے اور تمام امریکی اور مغربی امدادی پیکج کا حق دار صرف بھارت ہے۔

اس سلسلے میں ڈوکلام کے علاوہ لداخ کے علاقے میں ڈیڑھ ماہ قبل جب برہمن کی مکاری ایک مرتبہ پھر سامنے آئی تو بھارتی سینا کو اس بری طرح خاک چاٹنا پڑی کہ چین نے بالآخر کئی میل اندر گھس کر نہ صرف اپنا علاقہ واپس لینے کی کامیاب عملی کوشش کی بلکہ بھارت کو آئندہ جارحیت سے روکنے کیلیے ان علاقوں میں مزید اپنی چوکیاں بھی قائم کرلیں اور بھارت کو اس معاملے پر جہاں اپنے ہی ملک میں بڑی رسوائی وشرمندگی کا سامنا کرنا پڑا وہاں امریکا اور بعض مغربی ممالک کو بھی بھارت کی اس حرکت پر نہ صرف بڑی مایوسی ہوئی بلکہ مودی کی تمام سیاسی بڑھکوں کا بھی پول کھل گیا حالانکہ بھارت نے چین کا دل جیتنے کیلیے جاپان، امریکا، آسٹریلیا اور اپنے سمیت بننے والے بظاہر چین مخالف اتحاد میں بھی چین سے کشیدگی کا باعث بننے والے کسی بھی اقدام میں شمولیت سے گریز کا عندیہ دیکر چین کو یہ اشارہ بھی دیا تھا کہ چین کیلیے خاصی سفارتی گنجائش موجود ہے لیکن سرحدی جارحیت کے معاملے میں چین سے کسی طرح کی کوئی رورعایت حاصل نہ کرسکا۔

اگر ہم اس خطے میں بھارتی چانکیہ سیاست پر نظر دوڑائیں تو اسلام آباد میں شنگھائی تعاون تنظیم کے تحت ہونے والی کانفرنس میں شرکت کیلیے بھارت کی آمادگی کے پیچھے بھی چین کی کاوشوں کا دخل بتایا جاتا ہے، یعنی بھارت نے چین کی بات رکھی۔ بھارت اس بات سے بخوبی آگاہ ہے کہ پاکستان اور چین کے تعلقات طویل المیعاد نشیب وفراز کے حامل ہیں لیکن ساتھ ہی اسے یہ بھی معلوم ہے کہ اس کے پاس چین کو آفر کرنے کیلیے ایک مضبوط معیشت، داخلی استحکام اور بڑی مارکیٹ موجود ہے۔ اس وقت بھی چین کے ساتھ اس کی تجارت کا حجم قریب 100 ارب ڈالر ہے اور باوجود حالیہ کشیدگی کے، اس نے تجارتی تعلقات پر کوئی پابندی عائد نہیں کی کیونکہ وہ اب بھی سمجھتا ہے کہ اگر وہ چین کی کچھ بھی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوجاتا ہے تو وہ اس کیلیے فائدہ کا سودا ہے کیونکہ یہ پاکستان کے مفاد کی قیمت پر ہوگا۔ اس کا خیال ہے کہ اس کی کوششیں اور پاکستان کے داخلی حالات اور آپس کی سر پھٹول مل کر چین کو پاکستان میں اپنے لیے امکانات سے متعلق بدظن کرکے اپنی پالیسی پر نظرثانی پر مجبور کرسکتے ہیں۔

اس میں سی پیک سے متعلق معاملات بھی شامل ہیں جو بھارت کا ایک اہم تزویراتی ہدف ہے۔ گو ہم اسے فوری طور پر تو اس سے نہیں جوڑ سکتے لیکن یہ بات اہم ہے کہ 2019 میں سی پیک کی مد میں کچھ خاص چینی سرمایہ کاری پائپ لائن میں نہیں تھی جبکہ صورتحال یہ ہے کہ امریکی بلاک کے ساتھ نسبتاً سرد تعلقات کی وجہ سے پاکستان کیلیے اقتصادی اور عالمی معاملات میں چین اور کسی حد تک روس کی اہمیت اور بھی دوچند ہوگئی ہے۔ یہاں یہ امر بھی اہمیت کا حامل ہے کہ مودی نے دورہ روس میں چین سے ماضی کے تعلقات اور ان میں پائی جانے والی گرمجوشی کا ذکر تواتر سے کیا۔ بھارت اپنی معاشی پوزیشن کو بین الاقوامی تعلقات کے میدان میں بہت خوبی سے استعمال کررہا ہے۔ امریکا ہو یا یورپ اور اب ایک مرتبہ پھر روس، فوری ہی ہتھیاروں کی خریداری کا لالچ دیکر سفارتی میدان میں مراعات کا خواہاں ہوجاتا ہے۔ روس کے ساتھ پاکستان کے تعلقات ابھی نوزائیدگی کے دور سے گزر رہے ہیں۔ ہمیں اس طرف بہت ٹھوس، فوری اور مسلسل کام کی ضرورت ہے۔ سفارتی کامیابیاں یکسوئی سے حاصل ہوتی ہیں، ایک دوسرے کو فتح کرنے اور نچلا دکھانے کی شوقین اقوام بالعموم اس پھل سے محروم رہ جانے والوں میں شامل ہوجاتی ہیں۔

ہمارے ہاں ففتھ جنریشن وار کا بہت تذکرہ رہتا ہے۔ ففتھ جنریشن وار کا بنیادی ہدف عوام اور ریاستی اداروں، بالخصوص فوج، کے مابین غلط فہمیاں اور دوریاں پیدا کرنا ہوتا ہے۔ مجھ سمیت بہت سے لوگوں کا یہ خیال ہے کہ پاکستان کو اس وقت اس جارحیت کا سامنا ہے۔ تاہم اب محسوس یہ ہوتا ہے کہ بات کسی سکستھ جنریشن وار فیئر کی جانب چل پڑی ہے۔ گو یہ تخصیص ابھی کہیں مستعمل نہیں لیکن جو کچھ اب ہورہا ہے وہ اس طرح کی کسی کیٹیگری میں ہی رکھا جاسکتا ہے۔ اس جنگ کا ہدف ریاستی ادارے کا اپنا ڈھانچا ہوتا ہے۔ اس میں نچلے درجے کے ملازمین اور افسران، اور پھر افسران اور اعلیٰ کمانڈ کے مابین غلط فہمیاں پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ مثلاً سپریم کورٹ کے آسیہ مسیح فیصلے کے بعد تحریک لبیک کے رہنماؤں کے بیانات پر ایک طوفان آن کھڑا ہوا تھا۔ ایک کے بعد ایک کتاب سامنے آنے لگی، ان پر تبصرے ایک نئی آگ کو ہوا دیتے رہے، ہر طرف سچا اور جھوٹ کا غلغلہ بلند کیا۔ بہت اچھی بات ہے لیکن جب آپ بار بار یہ بات سننے لگیں کہ ساری جنگیں تو امریکا کے کہنے پر لڑی جاتی ہیں یا اس کی خوشنودی کیلیے ختم کردی جاتی ہیں، یا جرنیل تو کسی اور ملک کے کہنے میں ہیں اور یا پھر انہیں عام سپاہی کے جینے مرنے سے کچھ لینا دینا نہیں وہ تو بس اپنے اللے تللے جاری رکھنا چاہتے ہیں اور ڈالروں پر بک جاتے ہیں تو پھر اس تمام صورتحال سے صرف نظر ممکن نہیں رہتا۔ پاکستان میں اس طرح کی بات بھارت سے زیادہ اثر رکھتی ہے کہ پاکستان میں فوج کے سیاست میں مداخلت کے حوالے سے جو گہرے خدشات ہیں، وہ اب ختم ہوتے نظر نہیں آرہے لیکن دشمن ایجنٹوں کے ہر وزنت نئے پروپیگنڈے سے سوشل میڈیا کی زینت بن رہے ہیں اور بالخصوص موجودہ سول حکومت کے بعض اداروں میں ریٹائرڈ فوجی افسران کی تعیناتی نے ان شکوک وشبہات کو زیادہ ہوا دی۔

دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی حالیہ برسوں میں سوشل میڈیا کا بے تحاشہ استعمال اب سیاسی جماعتیں، ریاستی ادارے، سماجی کارکن، طلبا اور انٹرنیٹ تک رسائی رکھنے والوں کی اکثریت معلومات کے حصول اور اپنا بیانیہ عوام تک پہنچانے کیلیے کسی تصدیق کی ضرورت تک محسوس نہیں کرتے۔ پاکستانی فوج بھی معلومات اور بیانات کی ترسیل کیلیے سوشل میڈیا کے بڑے پلیٹ فارم فیس بک اور ٹویٹر استعمال کررہی ہے۔ فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے سربراہان اپنے سرکاری اور ذاتی اکاؤنٹ استعمال کرتے رہے ہیں لیکن انہی ویب سائٹس پر کئی بار اعلیٰ افسران سے منسلک ایسے جعلی اکاؤنٹس بھی منظر عام پر آئے جنہیں رد کرنے کیلیے خود فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کو بتانا پڑا کہ ان کے علاوہ فوج سے منسوب دیگر تمام اکاؤنٹس جعلی تصور کیے جائیں۔

پاکستانی افواج یقیناً سوشل میڈیا کے خصوصی قواعد وضوابط پر عملدرآمد کرتی ہوگی جس میں جوانوں کے ڈسپلن پر خاصی توجہ دی جاتی ہے اور سیکورٹی کی چھتری تلے جو آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور ادارے کی سلامتی سے متعلق تمام قوانین پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جاتا ہے۔ مزید براں ہر سطح پر فوجی اہلکاروں کی سوشل میڈیا کے استعمال سے متعلق تربیت اور رہنمائی کی جاتی ہے جس پر سختی سے کاربند رہنا لازمی ہے۔ عام ڈسپلن میں یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ پوسٹ یا اکاؤنٹ یا آگے پھیلائی جانے والی معلومات فوج کی ساکھ کو متاثر نہ کرے یا سوشل میڈیا پر شائع ہونے والی معلومات میں سیکورٹی کی خلاف ورزی، فوجی جوانوں پر کسی قسم کے منفی اثرات نہ مرتب ہوں۔

یہاں یہ عرض کرنا بھی مناسب ہوگا کہ سماجی رابطوں کی تمام ویب سائیٹس کے سرور زچونکہ پاکستان میں نہیں ہیں، اس لیے فوج انہیں ہرگز قابل اعتماد نہیں سمجھتی، اسی لئے عام طور پر فوج میں سماجی رابطوں کی ویب سائیٹس یا انٹرنیٹ کے ذریعے کسی بھی قسم کی معلومات کے تبادلے کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔ دنیا کی دیگر افواج کی طرح پاکستان میں بھی کسی بھی ایسے کمپیوٹر جس پر حساس معلومات موجود ہوں اسے انٹرنیٹ سے "کنکٹ" نہیں کیا جاسکتا۔ پاکستانی فوج کی باقی کمانڈ اور نئی حکومت کو فوراً اس صورتحال کا نوٹس لینا ہوگا۔ کچھ کوششیں ایسی بھی جاری ہیں کہ لسانی یا فرقہ وارانہ بنیادوں پر فوج کے اندر تفریق پیدا کی جائے۔ افواج کی صفوں میں بلکا سا گونجا بھی اچھی سے اچھی فوج کا مورال اور استعداد کار درہم برہم کرسکتا ہے۔ پاکستان اپنی افواج کے افسروں، جوانوں میں اس بات کو مائنڈ میں ایسے کسی disconnect کا متحمل نہیں ہوسکتا جس کے نتیجے میں کمانڈ کی ساکھ یا جنگ کی وجوہ پر کسی قسم کا اشتباہ پیدا ہو۔ اس ضمن بھی فوری اور ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے جو کمانڈ اور جذبہ کو ہم آہنگ کرسکیں۔ ہم خود سمجھ سکتے ہیں کہ یہ سکستھ جنریشن وار فیئر کسی بھی دیگر کے مقابلے میں ملک وقوم کیلیے کس قدر مہلک ثابت ہوسکتی ہے۔

پاکستان کا مستقبل روشن ہے لیکن وہاں تک پہنچنے کا راستہ باقی تمام اقوام کی نسبت مشکل ہے۔ پاکستان دنیا میں ایک بہت بڑے "ٹریل اسپاٹ" پر واقع ہے اور یہاں کچھ نہ کچھ چلتا ہی رہے گا۔ ہمیں اس سب کا سامنا کرتے ہوئے اپنے روشن مستقبل تک پہنچنا ہے۔ ہمارے پاس "گوئنگ بائی دی بک" یعنی کتاب کے مطابق چلنے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں۔ اور وہ بک ہمارا قرآن ہے۔ یکسوئی، اتحاد اور داخلی استحکام وہ تین اصول ہیں جو بین الاقوامی برادری میں ہمیں محترم بنا سکتے ہیں۔ اس کے سوا کوئی اور راستہ نہیں۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)



حکمرانی کے 2 سال (آخری قسط)

پروف

شال بقیہ 1

پاکستان غیر معمولی نوعیت کا ہوگا، افغانستان میں ایک بگاڑ پیدا کرنے والا گروپ بھی موجود ہے، افغان طالبان کے وفد سے (آج) منگل کو ملاقات ہوگی۔ پیر کو دفتر خارجہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل کرائسس گروپ جو کا نظلکٹ زون پر آزاد رائے رکھتا ہے وہ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال کو بڑے پیمانے پر مزاحمت اور، مقامی قرار دے رہا ہے، ساتھ ہی مطالبہ کر رہا ہے کہ 5 اگست 2019 کے اقدامات کو واپس لیا جائے جبکہ یہی بات پاکستانی اور دنیا بھر میں موجود کشمیری بھی کہہ رہے ہیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان نے دنیا کو جھنجوڑا ہے اور ہم کرتے رہیں گے باخبر رکھا ہے اور آئندہ بھی رکھیں گے کہ کشمیر سے متعلق پالیسی کی ناکامی پر بھارتی سرکار سے بعید نہیں کہ وہ کسی جھوٹے فلیگ آپریشن کا ناٹک رچائیں اور حق خود ارادیت کی اس سیاسی مزاحمت کو پھر دہشت گردی سے تشبیہ دینے کی کوشش کریں اور اس کا الزام پاکستان پر لگا دیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت نے اپنے مؤقف کو اجاگر کرنے کیلئے جھوٹ سے کام لیا، جب انہوں نے 5 اگست کے اقدام سے قبل اضافی فوجی بھیجے تو کہا کہ وہاں موجود سیاحوں اور یاتریوں کی حفاظت کیلئے بھیجے گئے ہیں جبکہ مقصود 5 اگست کے اقدام کے خلاف مزاحمت کو کچلنے کا عملی بندوبست تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پہلی مرتبہ نہیں بھارت دنیا کی آنکھ میں دھول جھونک رہا ہو، انہوں نے کہا کہ ہم جو اقدامات کیے وہ کشمیریوں کی بہتری کے لیے ہیں جو بہت بڑا فریب ہے کیوں کہ یہ اقدامات ان کی بہتری کے لیے نہیں ان کی اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کرنے کے لیے اٹھائے گئے ہیں۔

شال بقیہ 2

میں صوبے کی نشستوں میں اضافہ کی قرارداد صوبائی اسمبلی میں پیش کی جائے گی اور صوبائی اسمبلی میں اپوزیشن کو بھی قومی اسمبلی میں نشستوں میں اضافے کی کوششوں میں اعتماد میں لیا جائے گا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے اراکین قومی اسمبلی وسینٹ، صوبائی حکومت کے موقف کی حمایت کے حصول کے لئے ملک کی دیگر سیاسی جماعتوں سے رابطے کریں جبکہ قومی اور صوبائی سطح پر صوبے کی جماعتوں کے اراکین پر مشتمل پارلیمانی کمیٹی تشکیل دی جائے گی، اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کا رقبہ ملک کے کل رقبہ کا 44 فیصد ہے جو اپنے جغرافیائی محل وقوع اور قدرتی وسائل کے حوالے سے ملک کا اہم صوبہ ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل کی ایک اہم وجہ قومی اسمبلی میں محدود نمائندگی ہے، صوبے کی وفاقی سطح پر موثر نمائندگی ضروری ہے جو صوبے کے مسائل کو بھرپور طور پر اجاگر کر سکے۔ وزیر اعلیٰ نے زور دے کر کہا کہ بلوچستان کے مسائل کا حل اور پسماندگی کا خاتمہ قومی اسمبلی میں صوبے کی نشستوں میں اضافے کے ذریعہ ہی ممکن ہے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ نام نہاد قوم پرست، انسانی حقوق کے علم بردار اور کچھ میڈیا کے لوگ بلوچستان میں استاتذہ، لیویز، پولیس کے اہلکاروں، ڈاکٹروں، عام آدمی، مسافروں سمیت دیگر افراد کی ٹارگٹ کلنگ، آئی ای ڈی حملوں پر کیوں خاموش ہیں کیا ہم 2008 سے 2013 تک کے گورننس ماڈل کو بھول چکے ہیں یا اسے یاد نہیں کرنا چاہتے، بلوچستان کے لوگ بہت استعمال ہو چکے اب ہمیں لاشوں کی سیاست کی بجائے تعلیم، صحت، معاشی و مشاورتی بہتری، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، سڑکوں، روزگار کو اپنا نعرہ بنانا ہے۔

شال بقیہ 3

شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے فراڈ کمپنی کے خلاف فوری تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق نیب بلوچستان کو پش آن مارکیٹنگ کمپنی کے حوالے سے شکایات موصول ہوئیں جس پر ابتدائی جانچ پڑتال سے انکشاف ہوا کہ مذکورہ بالا کمپنی نے سادہ لوح لوگوں سے موٹر سائیکل بکنگ اور بھاری منافع کے جھانسے پر کروڑوں روپے وصول کئے، ایک بڑی رقم وصول ہونے کے بعد مالکان کاشف اسلم، ظاہر مشوانی، محمد ادریس اور محمد کریم روپوش ہو گئے۔ نیب بلوچستان نے متاثرین کی شکایت کا نوٹس لیتے ہوئے جعلی کمپنی کے خلاف باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے، تاہم نیب کی جانب سے تمام متاثرین کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ اپنے کلیم کی بابت نیب بلوچستان سے رجوع کریں۔ ڈی جی نیب بلوچستان فرمان اللہ خان نے کرپٹ عناصر کے خلاف سخت کاروائی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ لوگوں کو ان کی جمع پونجی سے محروم کرنے والوں کو قانونی کٹہرے میں لایا جائیگا، اپنے ذاتی مفاد کے لئے لوگوں کو لوٹنے والے کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں، انہیں اپنے کیے کی سزا ضرور ملے گی۔ نیب بلوچستان قانون کے مطابق متاثرین کے نقصان کے ازالے کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائیگا، تاہم لوگوں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ منافع کا جھانسہ دینے والی کمپنیوں سے حتی الامکان بچا جائے، ایسی کسی بھی کمپنی کے بارے میں نیب کو بروقت اطلاع دی جائے تاکہ ان کے خلاف بر وقت کاروائی کی جائے۔ مزید ان کے حوالے سے کسی بھی قسم کی اطلاع نیب بلوچستان کو درج ذیل نمبروں پر دی جا سکتی ہے۔ 9202528-081 ایڈیشنل ڈائریکٹر اسٹاف 9203612-081 ڈائریکٹر انویسٹی گیشن۔

شال بقیہ 4

سے اپنے قوصل ممتاز قانون دان کمیل آغا ایڈوکیٹ کے توسط سے دائر آئینی درخواست کی سماعت کے موقع پر دیئے۔ سماعت کے موقع پر سول سوسائٹی کے نمائندے محمد اسلم رند، پاسمیر کنزیومر سوسائٹی کے چیف کوآرڈینیٹر نذیر بزنجو، ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن کے صدر الطاف گجر اور دیگر نمائندے پیش ہوئے۔ اس موقع پر چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ پورا شہر آپ لوگوں سے ناراض ہے دودھ کے نرخ آسمان پر پہنچا دیئے گئے دودھ کی قیمتوں میں استحکام کیلئے پالیسی کرنا ہوگا ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن کے صدر الطاف گجر نے بتایا کہ ہوشربا مہنگائی کے باعث نرخ میں اضافے پر مجبور ہوئے انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ کے نمائندے نے بتایا کہ ہم نے ڈیری فارمز کیلئے فی لیٹر 105 روپے کا نرخ نامہ ترتیب دیا ہے لیکن اسے قابل نہیں کر سکے کیونکہ ہم سمجھ رہے تھے کہ عدالت نے فی لیٹر 100 روپے مقرر کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ ہم نے ایسے کوئی احکامات جاری نہیں کئے بلکہ یہ کہا تھا کہ جب تک نیا نرخ نامہ نہیں آتا پرانے نرخ کے مطابق 100 روپے فی لیٹر کے حساب سے دودھ فروخت کیا جائے۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ نے انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ کو احکامات دیئے کہ وہ قانونی طور پر دیکھیں دودھ کے تعین کے حوالے سے کمیٹی کے نمائندے انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ کی کمیٹی میں شامل کر لئے جائیں یا ان سے مشاورت کر لی جائے اس حوالے سے

منگل 25 اگست کو درخواست گزار سول سوسائٹی کے نمائندوں انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ کا مشترکہ اجلاس طلب کروا کر نرخنامے پر متفق ہو جائیں اور پھر اسے جاری کروایا جائیڈیری فارمز ایسوسی ایشن کے صدر الطاف گجر نے عدالت سے کہا کہ صرف دودھ کی قیمتوں میں اضافے سے متعلق کیس دائر کیا جا رہا ہے جبکہ درخواست گزار کی جانب سے گھی دال چینی اور دیگر اشیا پر خاموشی اختیار کی گئی ہے جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ ان مسائل پر آپ آواز بلند کر لیں، درخواست گزار کے وکیل کمیل آغا ایڈووکیٹ نے عدالت سے استدعا کی کہ انڈسٹریز ڈیپارٹمنٹ کی کمیٹی میں پرائس کنٹرول کمیٹی نمائندوں کو شامل کیا جائے۔

شال بقیہ 5

فیصد زیادہ رہی ہے یہ مسلسل بحالی اور ریکارڈ ترسیلات زر کا نتیجہ ہے۔

شال بقیہ 6

انہوں نے کہا کہ کلاچی محلے کے مسئلے پر وہ خود وزیر اعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کریں گے۔

شال بقیہ 7

میں اضافے پر گرفتار کر لیا ہے اس کے علاوہ مختلف علاقوں میں گرانفروشی پر 11 ملک شاپس وکانیں سیل کر دی، انہوں نے متعدد ڈیری فارمز و ملک شاپس مالکان کو سختی کے ساتھ وارننگ جاری کی، انہوں نے کہا کہ عوام کو گرانفروشوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتے، حکومتی رٹ برقرار رکھنے کیلئے انتظامیہ حرکت میں آئے گی، انہوں نے کہا کہ نرخنامے پر عملدرآمد کرانا ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے جس میں کوئی کوتاہی و غفلت برداشت نہیں کریں گے۔ اگر ڈیری فارمز مالکان نے حکومت کی جانب سے متعین کردہ قیمتوں پر عملدرآمد نہ کیا تو مذکورہ ڈیری فارم کو سیل کر کے وہاں کی بھینس اور گائے کو لائیو اسٹاک کے حوالے کیا جائیگا جبکہ ڈیری فارم مالک کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائیگی، انہوں نے کہا کہ گرانفروشوں سے کسی قسم کی رعایت نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہماری یہ کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔ اسسٹنٹ کمشنر کا کہنا تھا کہ تاجر اور دکاندار حضرات گرانفروشی، منافع خوری، ذخیرہ اندوزی اور ملاوٹ شدہ اشیا خورد و نوش کی خرید و فروخت سے اجتناب کریں سرکاری ریٹ پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کیلئے انتظامیہ کیساتھ بھرپور تعاون کریں۔

شال بقیہ 8

رہے ہیں۔ تاکہ یہاں کے عوام کو روزگار کے مواقع کے فراہم ہو سکیں اور بلوچستان کے عوام خوشحال ہو سکیں حکومت عوام سے کئے گئے وعدے پورے کر رہی ہے۔ سی پیک کے تحت مختلف منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہیں۔ جس میں گوادر کی ترقی اور روڈز کی تعمیر کے منصوبے شامل ہیں۔ پڑھے لکھے نوجوانوں کے لیے ٹیکنیکل اداروں میں انہیں مختلف قسم کی ہنر کی تربیت دی جا رہی ہے۔ حکومت بلوچستان فورسز کے تعاون سے صوبے میں امن وامان قائم کرنے کامیاب ہوئی ہے۔

شال بقیہ 9

لہڑی نے کہا کہ عوامی مسائل سے کسی طور پر بھی غافل نہیں شدید گرمی میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے حوالے سے چیف کیسکو بلوچستان سے ملاقات کر کے بجلی کی لوڈ شیڈنگ سمیت دیگر درپیش مشکلات کے حل کے لئے بھرپور عملی اقدامات اٹھائیں گے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے بلوچستان عوامی پارٹی نے عوام سے کیئے گئے وعدوں کی پاسداری کرتے ہوئے ان کی ہر ممکن خدمت کے جذبے سے عوامی مسائل کے حل کے لئے بھرپور اقدامات اٹھائے ہیں اور صوبے کی پسماندگی کا خاتمہ ہمارے منشور میں شامل ہے جس پر دن رات کام جاری ہے انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب میں اجتماعی نوعیت کے ترقیاتی اسکیمات پر کام جاری ہے جام ٹو مارکیٹ عوام کی رسائی کے لئے بلیک ٹاپ روڈز سمیت کئی اہم منصوبوں کی تکمیل سے عوامی مشکلات میں کمی آئے گی۔

شال بقیہ 10

نارکوٹکس فورس پولیس اسٹیشن ضلع مانسہرہ کا دورہ کیا اس موقع پر ایڈیشنل نارکوٹکس فورس کے پی کے کمانڈر بریگیڈیئر متین احمد نے وفاقی وزیر کو بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر اعظم سواتی نے کہا کہ منشیات کی دنیا کے مگرمچھوں کے خلاف کارروائی پر کوئی سمجھوتا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ تبدیلی کے سفر منشیات فروشوں کو سزا دلوانا میری زندگی کا مقصد بن چکا، وزیر اعظم عمران خان کا ویژن بھی یہی ہے کہ منشیات فروشوں کو پکڑ میں لایا جائے۔ اعظم سواتی نے کہا کہ منشیات ہمارے مستقبل کے معماروں کی زندگی کیلئے دیمک سے کم نہیں۔ اعظم سواتی نے کہا کہ وطن عزیز کے ہر گھر اور ہر تعلیمی ادارے کو منشیات کی لعنت سے نجات دلائیں گے۔ اعظم سواتی نے کہا کہ 18 ویں ترمیم کے بعد صوبوں کا فرض ہے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کریں۔ انہوں نے کہا کہ منشیات کے حوالے سے حکومت زیرو ٹالیرنس کی پالیسی پر گامزن ہے، مانسہرہ میں ایسا نظام بنا رہے کہ ہر ہفتے رپورٹ ملتی رہے گی۔

شال بقیہ 11

واپسی کی بات کرنی چاہیے۔ وفاقی وزیر نے نواز شریف سے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ نواز شریف جیل میں سزا کاٹ رہے تھے واپس آئیں گے تو جیل ہی جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ پلی بارگین کریں گے پیسے واپس کریں گے جبکہ وہ عدالت سے نااہل ہیں الیکشن نہیں لڑ سکتے۔

شال بقیہ 12

آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، حکومتی وزیر خود پوچھ رہے ہیں گندم کہاں گئی، تیل کی قیمتوں میں تاریخی اضافہ ہوا، لوگ پرانے پاکستان کیلئے ترس رہے ہیں، حکومت کو عوام کے مسائل سے کوئی سروکار نہیں، سعودی عرب جیسے بااعتماد ساتھی کو ناراض کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔ وہ پیر کو یہاں پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کے بعد خواجہ آصف، شاہد خاقان عباسی، مفتاح اسماعیل، احسن اقبال، خواجہ سعد رفیق و نگہت کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ شہباز شریف نے کہا کہ نواز شریف کے دور میں جو تاریخی ترقیاتی اور پاکستان کے عوام کے خوشحالی کیلئے جو منصوبے مکمل ہوئے اس کی مثال نہیں ملتی، ہزارہ موٹر وے اور ملتان سکھر موٹر وے کا منصوبہ ہمارا ہی ہے، ان موٹر ویز کے ذریعے لوگ منٹوں میں فاصلے طے کرتے ہیں، اس حکومت نے سی پیک کا مذاق اڑایا، اسمبلی کے فلور پر سی پیک کے خلاف الزامات لگائے۔ شہباز شریف نے کہا کہ حکومت کی نالائقی اور نااہلی کی وجہ سے آج بجلی کی بھی لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے، بجلی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایکسپورٹ میں بھی اضافہ نہ ہو سکا، پاکستان کی تاریخ میں دوسری مرتبہ جی ڈی پی کی گروتھ نگیٹو میں آئی ہے، آج بھی حکومت کا طریقہ کار اپوزیشن والوں کی طرح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے جب حکومت چھوڑی

شخصیات سے صلاح مشورے بھی ہو رہے ہیں اگر تبدیلی نہیں آئی تو حکومت کے جانے کا خطرہ بھی جس کے بادل بھی منڈلا رہا ہے، اس بارے میں بتایا جا رہا ہے کہ میاں محمد سومرو کا نام سرفہرست ہے کیونکہ تجربہ کار اور سینئر میاں محمد ہی ہیں اس کے علاوہ اعلیٰ عہدوں پر بھی کام کر چکے ہیں اس بارے میں اہم شخصیتوں کے پرانے اور تجربہ کار سیاسی اور قدآور شخصیتوں سے مشورے چل رہے ہیں جلد اہم اعلان ہونے والا ہے۔

شال بقیہ 20

خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی ضلع ملیر کے تحت کشمیر ریلی پر ہم حملے میں شہید ہونے والے ناظم علاقہ قائد آباد رفیق تنولی شہید کی یاد میں فلیٹ گراؤنڈ میں شہادت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ شہادت کانفرنس سے امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمن، نائب امیر ڈاکٹر اسامہ رضی، ڈپٹی سکریٹری کراچی انجینئر عبد العزیز، امیر ضلع ملیر محمد اسلام، سکریٹری ضلع مظہر علی، پاک ہزارہ ویلفیئر کے صدر نعیم ایوان و دیگر نے بھی خطاب کیا۔ کشمیر ریلی میں شدید زخمی ہونے والے شوکت ربانی نے بھی شرکت کر کے شہید رفیق تنولی کو خراج عقیدت پیش کیا، ناظم علاقہ راجا ممتاز نے شہادت کانفرنس میں مقبوضہ کشمیر کی موجودہ صورتحال پر قرارداد پیش کی۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ آج رفیق تنولی کی شہادت اور حملے میں زخمی ہونے والے شوکت ربانی نے پیغام دیا ہے کہ کراچی کے مسائل کا حل جماعت اسلامی ہے، حکمران محض تسلی دینے کے سوا کچھ نہیں کرتے، آج ضرورت اس بات کی ہے کہ حکومت اور اپوزیشن ایک ہو جائیں اور کشمیر کو آزاد کرانے میں اپنا کردار ادا کریں، مسئلہ کشمیر اور مسئلہ فلسطین عالم اسلام کے سلگتے مسائل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی کراچی کے کارکنان نے حق بات کہنے میں کبھی ہچکچاہٹ سے کام نہیں لیا۔ ہمیشہ اللہ کی کبریائی کو بلند کرتے رہے، ہر محاذ پر ثابت کیا کہ اہل ایمان کے ساتھ ہیں اور ضرور کامیابی کی منزل حاصل کریں گے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ہمارا ایمان ہے، شہید اچھی جگہ پر ہیں، شہادت درحقیقت حق وسچ کی گواہی ہے، اللہ کی کبریائی اور انسانی خداؤں سے بغاوت کی گواہی ہے، آج ہم بھی اس عزم کا اظہار کر رہے ہیں کہ میرا جینا اور میرا مرنا اللہ ہی کے لیے ہے، ہم کشمیر کی آزادی اور جذبہ جہاد کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔

شال بقیہ 21

ایکسپریس، اور کوئٹہ سے کراچی جانے والی دو ٹرینیں تاحال بحال نہیں کی جا سکی ہے کوئٹہ سے پنجاب جانے کیلئے ایک ہی ٹرین چلائی جا رہی ہے جو کہ مسافروں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے باعث ناکافی ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اکبر ایکسپریس اور بولان میل گزشتہ کئی ماہ کی بندش سے ریل کے ذریعے سفر کرنے والے مسافروں کا شدید پریشانی کا سامنا ہے ریل کا آرام دہ سستا ہونے کی وجہ سے نہ صرف مسافروں کیلئے بہتر سہولت ہے بلکہ محکمہ ریلوے کی آمدن کا بھی بہترین ذریعہ ہے اکبر ایکسپریس اور بولان میل کے ذریعے مسافروں کو سندھ اور پنجاب جانے میں کافی سہولت میسر تھی اس وقت کوئٹہ سے صرف ایک ٹرین جعفر ایکسپریس دستیاب ہے جو مسافروں کی بڑھتی ہوئی تعداد کیلئے ناکافی ہے لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ ریلوے ٹرین کے ذریعے سفر کرنے والے مسافروں کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے اکبر ریکس ایکسپریس اور بولان میل کو بھی جلد بحال کیا جانا چاہیے عوامی حلقوں نے وزیر اعظم پاکستان عمران خان، وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید سے اپیل کی ہے کہ وہ ان متذکرہ بالا ٹرینوں کو جلد بحال کرنے کیساتھ ساتھ اکبر ایکسپریس کو اب براستہ فیصل، وزیر آباد، سیالکوٹ تک چلایا جائے۔

شال بقیہ 22

میں بھی کنٹیج سے بچاؤ کی قومی مہم اور ای ای حفاظتی ٹیکہ جات کی مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا جس کا افتتاح ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اوتھل میں کیا ان مہموں کے حوالے سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے صحافیوں کو بتایا کہ کنٹیج کی قومی مہم 24 اگست تا 29 اگست تک جاری رہے گی جس میں تمام خواتین جن کی عمر 15 تا 49 سال ہے کو کنٹیج سے بچاؤ کے ٹیکے لگائے جائیں گے لسبیلہ میں ایک لاکھ 31 ہزار تین خواتین کو کنٹیج سے بچاؤ کے ٹیکے لگائے جائیں گے اس مہم میں کل 257 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جن میں 253 اوآر ٹی ٹیمیں ہونگی اور چار موبائل ٹیمیں شامل ہیں جبکہ انہانس آؤٹ ریچ ایکٹیویٹیز (EOA) حفاظتی ٹیکہ جات کی مہم جو 24 اگست تا 5 ستمبر یعنی 13 روز تک جاری رہے گی اس مہم میں دو سال تک کی عمر کے بچوں کو فی پی، کالی کھانسی، کالا یرقان، تشنج، خسرہ، ممونیہ، پولیو، گردن توڑ بخار، اسہال اور خناق سے بچاؤ کے ٹیکے لگائے جائیں گے اس مہم کیلئے کل 42 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جن میں 35 اوآر ٹی ٹیمیں اور 7 موبائل ٹیمیں شامل ہیں کام کریں گی انہوں نے کہا کہ عوام ان دونوں مہموں کو کامیاب بنانے کیلئے محکمہ صحت کی بھرپور تعاون کریں اگر کسی علاقے میں محکمہ صحت کی ٹیم نہ آسکے تو اس کی اطلاع فوری طور پر محکمہ صحت کے ضلعی دفتر میں دی جائے تاکہ اس علاقے میں فوراً ٹیمیں بھیجی جائیں تاکہ کوئی بھی خاتون یا بچہ اس مہم میں رہ نہ جائے اس موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ محمد یعقوب رودنجو، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سول ہسپتال اوتھل ڈاکٹر عبدالرزاق لاسی، ای پی آئی کے کوآرڈینیٹر غلام نبی اور دیگر بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 23

مسافر زخمی ہلاکت کی صورت میں لواحقین کو معاوضہ اور زخمی ہونے کی صورت میں علاج کا خرچ ٹرانسپورٹس مالکان پر عائد کیا جائے تاکہ مزید نقصانات سے بچا جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں فاصلے زیادہ اور اکثر شاہراہوں کو بارش وسیلاب ایک سال کے اندر خراب کر دیتے ہیں اس لیے حکومت وقت کو شاہراہوں کی تعمیر میں ناقص میٹریل استعمال کرنے کا نوٹس لینا چاہیے صوبے کی اکثر مین شاہراہوں کی حالت پہلے بھی بہتر نہیں تھی رہی سہی کسر شدید بارشیں وسیلاب پوری کر دیتے ہیں جبکہ حکومت کی طرف سے کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں فیکٹ ابھی اکثر پارٹی جیالے ہوتے ہیں جس کی وجہ سے قومی خزانہ ترقیاتی کاموں کے بجائے ذاتی جیبوں واکاؤنٹس میں منتقل ہو جاتے ہیں بلوچستان کو بدعنوانی، اقربا پروری، نااہل حکمرانوں نے تباہ کیا یہ سلسلہ کئی دہائیوں سے جاری ہے موجودہ اپوزیشن سابقہ حکومت اور پھر جو بھی اپوزیشن میں آجائے وہ سابقہ حکومت پر ذمہ ڈالنے دیتے ہیں سابقہ حکومتوں میں شامل پارلیمانی پارٹیوں میں بلوچستان کی زبوں حالی سلگتے مسائل و پریشانیوں سے کوئی بری الذمہ نہیں ہو سکتا جماعت اسلامی دیانت وامیم، خدمات کا بہترین تجربہ رکھتی ہے انشاء اللہ بلوچستان کے سلگتے مسائل جماعت اسلامی حل کر یگی۔

شال بقیہ 24

ایسے ناجائز اقدامات کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ اس فیصلے کے خلاف سخت سے سخت احتجاج کیا جائے گا تب تک فیصلہ واپس نہیں لیا ہے اہلیاں مانگیل حکومتی فیصلے کے خلاف آئندہ کا حالا عمل طے کریں گا انہوں نے کہا کہ حکومت کو ہر حال میں مانگیل کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دینا ہوگا ہم اس حوالے سے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے جب تک مانگیل کو میونسپل کمیٹی کا درجہ نہیں دیا گیا ہے تب تک سخت سے سخت اور بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔

شال بقیہ 25

واقع حاجی نداماریکٹ میں اے این ایف کی گاڑی کو نشانہ بنایا گیا تھا، دھماکے میں 5 افراد شہید جبکہ اے این ایف کے دو اہلکاروں سمیت 21 افراد زخمی ہوئے تھے، شہید سپاہی ای ایم ایچ کوئٹہ میں زیر علاج تھا۔

شال بقیہ 26

دے دی گئی ہیں اس موقع پر ایم ایس ڈی ایچ کیو ڈاکٹر ڈاکٹر فیاض احمد مستوئی، ڈی ایس وی کلچی فضل احمد بارونزئی، پیرا میڈیکس بشکل سومرو، اختر رند، یونس ترین، زاہد رئیسانی، عبدالحی گولہ، صحافی برادری اور دیگر موجود تھے ڈی ایچ او کلچی نے بتایا کہ چھ روزہ مہم میں محکمہ صحت کی ٹیمیں ضلع کی دور دراز علاقوں کی گلی محلوں میں سیشز منعقد کر کے وہاں کی خواتین کو ٹیکے بھی لگائے جائیں گے انہوں نے کہا زیادہ تر دیہی، شہری خواتین کو کنٹیج کی جان لیوا بیماری سے متعلق آگاہی نہ ہونے کی وجہ سے دوران زچگی خواتین موت کی آغوش میں چلی جاتی ہیں یہ ہم سب کا مشترکہ ذمہ داری ہے کہ اس مہم کے دوران خواتین کو کنٹیج سے بچاؤ کی حفاظتی ٹیکے لگا کر ماں اور بچہ کی زندگی کو صحت مند بنائیں انہوں نے کہا کہ کنٹیج جان لیوا بیماری ہے جو زچہ بچہ دونوں کو ہو سکتا ہے لیکن ویکسینیشن ہونے سے انکی زندگیوں کو بچایا جا سکتا ہے مہم 24 سے 29 اگست تک جاری رہے گا باشعور شہری مہم کے دوران محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کر کے اپنی خواتین کو اس بیماری سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے ضرور لگوائیں ڈپٹی کمشنر لکھی مراد خان کاسی نے کہا کہ شہری حکومتی ایس او پیز کو مدنظر رکھ کر محکمہ صحت کی تشکیل کردہ ٹیموں کے ساتھ رابطہ کاری کر کے مہم کی کامیابی میں حصہ لیکر بھرپور شراکت سے اسے کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کر کے ذمہ دار شہری بنیں صحت مند معاشرے کے قیام کیلئے خواتین کو مہلک بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے حفاظتی ٹیکوں کا کورس ناگزیر ہے جس میں تمام مکتبہ فکر کے لوگ بڑھ چڑھ کر حصہ لیکر مہم کو کامیاب بنانے میں محکمہ ہیلتھ کے ساتھ تعاون کریں۔

شال بقیہ 27

واقع ان کی تمام جائیداد کا ریکارڈ اور ثبوت موجود ہے لیکن بااثر لینڈ مافیا نے جائیداد پر قبضہ کر کے وہاں تعمیرات شروع کر دی ہے، اس سلسلے میں متعلقہ پولیس مدد نہیں کر رہی ہے بلکہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، محمد یعقوب کا کہنا ہے کہ وہ دل کے مرض میں مبتلا ہے، بھوک ہڑتال کے دوران ان کی موت ہوئی تو ذمہ دار متعلقہ پولیس اور انتظامیہ ہوگی، بزرگ وکیل نے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ قبضہ مافیا سے ان کی جائیداد واگزار کرائیں، ان کا کہنا ہے کہ انصاف ملنے تک تادم مرگ بھوک ہڑتال اور دھرنا جاری رکھیں گے۔

شال بقیہ 28

تمگ کے علاقے کانک میں خان محمد نامی شخص اپنے گھر میں پستول کرتے ہوئے گولی لگنے سے جاں بحق ہو گیا پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 29

جاں بحق ہو گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز پشکور روش آب سرکیور ان میں مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے زاہد نامی شخص جاں بحق ہو گیا ہے۔ لاش کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا ہے مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے۔

شال بقیہ 30

حاصل بزنجو کی نشست خالی قرار دیدی۔ ذرائع الیکشن کمیشن کے مطابق ڈپٹی کمشنر خضدار نے سینیٹر میر حاصل بزنجو کی وفات بارے الیکشن کمیشن کو آگاہ کیا جس پر الیکشن کمیشن نے سینیٹر میر حاصل بزنجو کی نشست کو خالی قرار دیا۔ الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ سینیٹ کی خالی نشست پر 30 دن کے اندر الیکشن کرانے ہوتے ہیں، بلوچستان کی خالی نشست پر 30 دن کے اندر الیکشن ہوں گے، الیکشن کمیشن نے سینیٹ سیکرٹریٹ کو بھی آگاہ کر دیا ہے۔

شال بقیہ 31

چرس برآمد کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی ژوب قمبر خان کھوسہ کی ہدایت پر ایس ایچ او محمد اجمل مندوخیل کی سربراہی میں اے ایس آئی روزی خان مندوخیل، اے ایس آئی جہانزیب حوالدار عبدالرزاق مندوخیل اور نعیم خان پر مشتمل پولیس کی اینٹی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش شیر زمان کو گرفتار کر کے ایک کلو چرس برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔ ایس ایچ او محمد اجمل مندوخیل نے بتایا کہ منشیات فروشوں اور چوروں کے گرد گھیرا تنگ کر دیا گیا ہے اور سماج دشمن عناصر کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائیگی۔

شال بقیہ 32

کی جس میں پاکستان اور میکسیکو کے تعلقات کو بہتر کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ پیر کو ملاقات میں ڈاکٹر معید یوسف نے ٹی پی یو کے اقدامات کو سراہا اور کہا کہ آئی پی یو کو مسئلہ کشمیر کو اٹھانا چاہیے، مسئلہ کشمیر جیسے ایشو کو اٹھانا آئی پی یو کا مینڈیٹ ہے۔ ملاقات میں پاکستان اور میکسیکو کے تعلقات کو بہتر کرنے پر اتفاق کیا گیا۔

شال بقیہ 33

اسلام آباد میں علیحدہ علیحدہ ملاقات کی جس میں ترقیاتی کاموں اور حلقوں سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پیر کو ملاقات کرنے والوں میں ممبران قومی اسمبلی میں چوہدری عامر سلطان چیمہ، صداقت علی عباسی، محبوب شاہ، بریگیڈیئر (ر) راحت امان اللہ خان، طاہر اقبال جبکہ ممبران صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا میں اعظم خان، شیخ اللہ، لیاقت علی خان اور ہمایوں خان شامل تھے۔ ملاقات میں ترقیاتی کاموں اور حلقوں سے متعلقہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

شال بقیہ 34

مشینیں پاکستان پہنچا دی گئی۔ برطانوی ہائی کمیشن کے مطابق 40 لوکسٹ کراپس اسپریئرز برطانیہ سے

ماں کی صحت سے ہی بچوں کی تندرستی اور نشوونما مشروط ہے

گورنر بلوچستان

صحت مند معاشرے کے قیام کے سلسلے میں خواتین اور بچوں کو مہلک بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے حفاظتی ٹیکوں کا کورس ناگزیر ہے

تشنج ایک خطرناک مرض ہے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور بروقت ویکسینیشن کرکے اس پر آسانی سے قابو پایا جاسکتا ہے، امان اللہ یاسین زئی

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی صوبے میں انسداد تشنج مہم کا باقاعدہ آغاز کررہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ یاسین زئی نے کہا ہے کہ ماں کی صحت سے ہی بچوں کی تندرستی اور نشوونما سے مشروط ہے. لہٰذا صحت مند معاشرے کے قیام کے سلسلے میں خواتین اور بچوں کو مہلک بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے حفاظتی ٹیکوں کا کورس ناگزیر ہے. گورنر یاسین زئی نے کہا کہ تشنج ایک خطرناک مرض ہے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور بروقت ویکسینیشن کرکے اس پر آسانی سے قابو پایا جاسکتا ہے. ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز صوبے بھر میں 24 سے 29 اگست تک انسداد تشنج مہم کے تیسرے راؤنڈ کا باقاعدہ آغاز کرتے ہوئے کیا. اس موقع پر صوبائی سیکرٹری صحت روشین جمالدین، صوبائی کوآرڈینیٹر پروگرام برائے امیونائزیشن ڈاکٹر اسحاق پانیزئی، امیونائزیشن آفیسر یوسف ڈاکٹر اورنگزیب کمال، ڈی ایچ او ڈاکٹر احمد زمان اور بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

پاکستان کے تعلیمی نظام میں سب سے بڑی خامی نظام تعلیم میں ہے، حضرت علی کوثری

شہروں میں اور مہنگے نجی تعلیمی ادارے انگریزی میں تعلیم دیتے ہیں

جہاں شہری، دیہاتی، میٹرک، کیمبرج، مدرسہ کتنے ہی طرز کی تعلیم رائج ہے، پھر دیہات میں اردو ذریعہ تعلیم ہے

کوئٹہ (آن لائن) قراکوزئی ایسوسی ایشن بلوچستان صوبائی صدر حضرت علی کوثری مولوی نعمت اللہ قاری زیب الرحمن نزیر احمد شمشیری مولوی محمد جیلانی مولوی محمد انور ڈاکٹر سراج احمد قاری محمد اسلم عبداللہ ہزکز قاری رحمت اللہ غزنوی ڈاکٹر صلاح الدین ڈاکٹر سراج احمد مولوی محمد انور و دیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ پاکستان کے تعلیمی نظام میں سب سے بڑی خامی نظام تعلیم میں ہے، جہاں شہری، دیہاتی، میٹرک، کیمبرج، مدرسہ کتنے ہی طرز کی تعلیم رائج ہے، پھر دیہات میں اردو ذریعہ تعلیم ہے بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی نے چیئرمین آف چیئرمین کے ناموں کا اعلان کردیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی نے چیئرمین آف چیئرمین کے ناموں کا اعلان کردیا۔ گزشتہ روز بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں چیئرمین آف چیئرمین کے ارکان کے ناموں کا اعلان کردیا گیا جس کے تحت سید احسان شاہ، یونس عزیز بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

پاکستان کے قیام کا مقصد واضح آئین قرآن و سنت پر مبنی ہوگا، مولانا واسع

جمعیت علماء اسلام ہی خطے کی موثر اور فیصلہ کن جماعت ہے بلوچستان کی ابتداء اور انتہاء پرچم نبوی کی لپیٹ میں ہے

صوبے کی خوشحالی قوموں کے درمیان ہم آہنگی اور محبت کا نام ہی جمعیت علماء اسلام ہے، رکن قومی اسمبلی

قلعہ سیف اللہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے قلعہ سیف اللہ میں مختلف شولیجی تقریبات اور ضلعی مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ہی خطے کی موثر اور فیصلہ کن جماعت ہے بلوچستان کی ابتداء اور انتہاء پرچم نبوی کی لپیٹ میں ہے اس سے انکار کرنے والے سورج کو دو انگلیوں سے چھپانے کی کوشش نہ کریں انہوں نے کہا کہ ملک بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

زیارت ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) عبداللہ بادینی کو ڈاکٹر عبداللہ دوتانی تشنج کیمپین کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

شہید نواب نوتھ بخش ریسانی میموریل ہسپتال مستونگ میں ہفتہ "ماں بچے کی صحت کا افتتاح

کوئٹہ (خ ن) شہید نواب نوتھ بخش ریسانی میموریل ہسپتال مستونگ میں ہفتہ "ماں بچے کی صحت کا افتتاح ڈی ایچ او مستونگ ڈاکٹر امیر بخش لچی نے کیا۔ اس موقع پر شہید نواب نوتھ بخش ریسانی میموریل ہسپتال مستونگ کے ڈپٹی سی ای او ڈاکٹر داؤد محمد خواجہ ٹیل، یونیسیف (UNICEF) کے مونیٹرز اور ڈبلیو ایچ او (WHO) کے نمائندہ بھی موجود تھے۔ بعد ازاں اس پروگرام بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

جمہوری وطن پارٹی کا اجلاس زیر صدارت صوبائی صدر نوابزادہ گہرام بگٹی منعقد ہوا

کوئٹہ (این این آئی) جمہوری وطن پارٹی کا اجلاس زیر صدارت صوبائی صدر نوابزادہ گہرام بگٹی منعقد ہوا۔ اجلاس میں شہید وطن نواب اکبر خان بگٹی کی چودھویں برسی نہایت عقیدت اور احترام سے منانے کیلئے مشاورت کی گئی۔ جمہوری وطن پارٹی بلوچستان کے تمام اضلاع کے عہدیداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے اپنے ضلع میں بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

بلوچستان ایجوکیشن اینڈ ووسٹ فنڈ (ویف) کے تحت دس (10) وکلاء کو برطانیہ میں قانون کی اعلیٰ تعلیم کے لئے منتخب کرلیا گیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ایجوکیشن اینڈ ووسٹ فنڈ (ویف) کے تحت دس (10) وکلاء کو برطانیہ میں قانون کی اعلیٰ تعلیم کے لئے منتخب کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سانحہ آٹھ اگست 2016 کے نتیجے میں 56 وکلاء اجل بن گئے بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

پاکستان کوسٹ گارڈز کی اسمگلنگ کے خلاف مختلف کاروائیاں

چرس، چھالیہ، موبائل فون، ٹیبلیٹ، دست واجزہ، ایرانی تیل اور دیگر متفرق اشیاء کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

اوتھل (نامہ نگار) پاکستان کوسٹ گارڈز کی اسمگلنگ کے خلاف مختلف کاروائیاں، ضلع لسبیلہ کے علاقے دندر اور گوادر سے چرس، چھالیہ، موبائل فون ٹیبلیٹ، دست واجزہ، ایرانی تیل اور دیگر متفرق اشیاء کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ پکڑی جانے والی اسمگل شدہ اشیاء کی مالیت تقریباً 161 ملین روپے ہے۔ پاکستان کوسٹ گارڈز کے ترجمان کے پریس ریلیز کے مطابق پاکستان کوسٹ گارڈز کو خفیہ ذرائع سے اطلاع ملی کہ لسبیلہ کے علاقے دندر اور گوادر سے بھاری مقدار میں چرس، چھالیہ، ایرانی تیل اور متفرق اشیاء اسمگل ہونے کا خدشہ ہے۔ بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

بارشوں نے واشک ہیڈکوارٹر میں تباہی مچادی ہے، حاجی بشارت اللہ آلہ زئی

لوگوں کے زرعی جرنیٹر سولرز کو پانی بہا کرلے گئی جبکہ کھجور کے باغات وفصلات تباہ ہوگئے ہیں، سابق تحصیل ناظم

واشک (این این آئی) ضلعی جنرل سیکرٹری جمعیت علماء اسلام واشک سابق تحصیل ناظم حاجی بشارت اللہ آلہ زئی، مفتی حمزہ مولوی غلام اللہ حافظ عبدالقادر حافظ کلیم اللہ ڈوکی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ شب بارشوں نے واشک ہیڈکوارٹر میں تباہی مچادی ہے لوگوں کے زرعی جرنیٹر سولرز کو پانی بہا کرلے گئی جبکہ کھجور کے باغات وفصلات تباہ ہوکر رہ گئی ضلعی انتظامیہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر سے غائب ہے ڈی سی سمیت چیراتی تک ہیڈکوارٹر میں موجود نہیں ہے چند ماہ قبل واشک ہیڈکوارٹر میں سیلاب ہونے کے نتیجے میں ایم پی اے واشک حاجی میر زابد علی ریکی نے اسمبلی میں احتجاج کی جس پر پی ڈی ایم اے نے امدادی سامان بھجوادیا۔

قائد ایوان وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان صوبائی حکومت میں شامل جماعتوں کی مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بلوچستان اسمبلی نے 06 صوبائی وزراء وارکین اسمبلی کی رخصت کی درخواستیں منظور کرلی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی نے 06 صوبائی وزراء وارکین اسمبلی کی رخصت کی درخواستیں منظور کرلی۔ گزشتہ روز اسمبلی اجلاس میں صوبائی وزراء وارکین بقیہ نمبر65 صفحہ 3 پر

صوبائی حکومت صرف دعووں تک محدود ہوکر رہ گئی ہے، میر محمد امین عمرانی

صوبے کے اندر پسماندگی میں کمی کے بجائے مزید اضافہ ہوتا جارہا ہے

تمبو (آن لائن) پیشنلز پارٹی کے سابق صوبائی وزیر میر محمد امین عمرانی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت صرف دعووں تک محدود ہوکر رہ گئی ہے صوبے کے اندر پسماندگی میں کمی کے بجائے مزید اضافہ ہوتا جارہا ہے تحصیل تمبو میں واپڈا والوں نے اپنی من مانیاں شروع کرکے عوام کو احتجاج کرنے پر مجبور کررہی ہے۔

بلوچستان میں عنقریب سمارٹ پولیس اسٹیشن بنائے جائیں گے، محسن بٹ

بلوچستان پولیس کو کمپیوٹرائزیشن کے جدید دور میں داخل کیا جارہا ہے، 2 پولیس بسوں کو جدید ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئرز کے ساتھ لیس کیا گیا ہے

بلوچستان پولیس کی مرحلہ وار کمپیوٹرائزیشن بہت جلد پایہ تکمیل تک پہنچ جائے گی، پولیس موبائل اسٹیشن کے افتتاح کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محسن حسن بٹ نے کہا ہے کہ جدید دور کے تقاضوں کے مطابق موبائل یونٹس تیار کئے گئے ہیں جس میں عوام کو ڈرائیونگ لائسنس، گمشدگی کی اطلاع، کریکٹر سرٹیفکیٹ سمیت پولیس تصدیقی سرٹیفکیٹ کی سہولیات عوام کو ان کے دہلیز پر فراہم کیا جائے گا اور جلد اس سروس کو عوام کی خاطر صوبے کے دیگر اضلاع میں بھی فراہم کیا جائے گا بلوچستان میں عنقریب سمارٹ پولیس اسٹیشن بنائے جائیں گے، بلوچستان بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

لورالائی، کمشنر ژوب ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ، زیر تعمیر بس اڈا کا معائنہ کررہے ہیں

اخباری اداروں کے واجبات پر سندھ ہائی کورٹ نے حکومت سندھ کو 10 ستمبر تک جواب داخل کرنے کی مہلت دے دی

اخباری ادارے جنوری 2019ء سے واجبات کی عدم ادائیگیوں کے باعث شدید معاشی بحران کا شکار ہیں، سی پی این ای

کراچی (پ ر) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) کی جانب سے سندھ حکومت کے ذمہ اخبارات کے واجبات کی عدم ادائیگی پر دائر رٹ پٹیشن کی سماعت کے دوران سندھ ہائی کورٹ نے محکمہ اطلاعات سندھ کو 10 ستمبر 2020ء تک جواب داخل کرنے کی مہلت دیدی۔ سی پی این ای کے سیکریٹری جنرل ڈاکٹر جبار خٹک موقف اختیار کیا کہ اخبارات وجرائد کو جنوری 2019ء سے جون 2020ء تک کے 34 کروڑ کے واجبات کی ادائیگی نہیں کی گئی ہے، جس کے باعث بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور بروقت تکمیل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، سہیل الرحمن بلوچ

غیر معیاری اور مقررہ وقت تک منصوبے کو مکمل نہ ہونے پر متعلقہ انجینئر اور ٹھیکیدار کے خلاف کاروائی ہوگی

لورالائی (خ ن) کمشنر ژوب ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور بروقت تکمیل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور غیر معیاری اور مقررہ وقت تک منصوبے کو مکمل نہ ہونے پر متعلقہ انجینئر اور ٹھیکیدار کے خلاف کاروائی ہوگی عوامی فلاح بہبود کے منصوبوں کو بہتر انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع لورالائی میں مختلف ترقیاتی بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان بلدیاتی انتخابات کرنے میں ناکام رہا ہے، میر مبارک خان محمد حسنی

بلدیاتی نظام کے ذریعے اختیارات کے نچلی سطح پر ہونے سے عوام کو سہولت میسر ہوگی

کنجر (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے صوبائی معاون کنوینر میر مبارک خان محمد حسنی۔ صوبائی صدر ڈی ٹی آئی نظریاتی فضل الرحمن رحمانی امیر ضلع قلات مولانا شاہ محمد زہری۔ ضلعی کنوینر قاری رحمۃ اللہ تشنبندی و دیگر نے کہا کہ حکومت بلوچستان بلدیاتی انتخابات کرنے میں ناکام رہا ہے اور بلوچستان کی پسماندگی کا وجہ بھی وقت پر انتخابات نہ ہونے کی وجہ سے ہے بااختیار بلدیاتی الیکشن ہونے کی صورت میں جام حکومت میں انتشار پھیلنے کا بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (این ٹی ڈی سی) کی جانب سے 27 اگست کو 220KV کوئٹہ انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے ٹرانسفارمر نمبر 2 پر صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک ضروری بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

ہم کسی بھی صورت میں انسانی جانوں سے کھیلنے والوں کو ہرگز اجازت نہیں دیں گے، عابد سلیم قریشی

انسان کی جان بہت قیمتی ہے وہ چاہے امیر ہو یا غریب ہر کوئی اپنے گھر کے لئے بہت اہم ہے

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی نے کہا ہے کہ انسان کی جان بہت قیمتی ہے وہ چاہے امیر ہو یا غریب ہر کوئی اپنے گھر کے لئے بہت اہم ہے ہم کسی بھی صورت میں انسانی جانوں سے کھیلنے والوں کو ہرگز اجازت نہیں دیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے آفیسران بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر کے ہزاروں تعلیم یافتہ نوجوان بیروزگاری کے باعث مایوسی کی زندگی گزار رہے ہیں

حکومت اور وزراء بندر بانٹ اور اقرباء پروری میں مگن ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینیٹر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم ضیائی مولانا محمد ایوب ڈپٹی سیکرٹری جنرل حافظ مسعود احمد جوائنٹ سیکریٹری حافظ شبیر احمد مدنی میر سرفراز شاہوانی سیکرٹری بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

بی این پی کے رہنما لقمان کاکڑ حیات بلوچ کے قتل کیخلاف بی ایس او کے احتجاجی کیمپ میں اظہار یکجہتی کررہے ہیں

مختلف آفیسران میں کام کی تقسیم ایک احسن اقدام ہے، عبدالعزیز رونجھو

جن کو کام سونپا گیا ہے وہ دن رات کام کررہے ہیں اور حال ہی میں ٹان ٹیچنگ اسٹاف جن کی تعداد 82 ہے

اوتھل (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر لسبیلہ اپنے آفس میں مختلف آفیسران میں کام کی تقسیم کرکے ملازمین کو سہولت فراہم کرنے کی جانب ایک احسن اقدام ہے، ان خیالات کا اظہار گورنمنٹ فیچرز ایسوسی ایشن لسبیلہ کے صدر عبدالعزیز رونجھو، چیئرمین محمد بخش لاسی، جنرل سیکریٹری عبدالواحد سومرو، خازن غلام محمد گلفام دودا، سید عبداللطیف شاہ، شریف وکیل، محمد داؤد انکاریہ، حیدر علی سوری، سردار نصیب اللہ رونجھو، یار محمد وفا، نور بخش ڈکارزئی، محمد حیات رونجھو، عبدالعزیز بندیجہ، محمد اسماعیل نے اپنے مشترکہ بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

موجودہ وفاقی حکومت وتمام صوبائی حکومتیں وکلاء کو تحفظ دینے میں ناکام ہوچکی ہیں، سراج جمالی

سانحہ 8 اگست اسلام آباد کچہری میں حملہ خیبر پختونخواہ کے مختلف شہروں میں حملہ بم دھماکے سب اس کی ایک کڑی ہے

بی (این این آئی) ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن بی تنظیم کے صدر سراج جمالی، جنرل سیکرٹری آغا ثمین اقبال اور سینئر نائب صدر عبدالجلیل لہری نے کہا ہے کہ ملک بھر میں وکلاء کے خلاف بڑھتے ہوئے پرتشدد واقعات قتل و غارت اغواء کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ وفاقی حکومت وتمام صوبائی حکومتیں وکلاء کو تحفظ دینے میں ناکام ہوچکی ہیں وکلاء کے خلاف بڑھتے بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

کاروباری حضرات اور عام افراد سماجی دوری برقرار رکھیں، محکمہ داخلہ

حکومت بلوچستان نے عوام کے مفاد اور کاروباری سرگرمیوں کی بحالی کے لیے لاک ڈاؤن میں نرمی کی ہے

کاروباری برادری کے لئے ماسک کا استعمال "لازمی" طور پر کرنے کا حکم دیا ہے، محکمہ داخلہ وقبائلی امور حکومت بلوچستان

چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر لوگوں میں سستا آٹا تقسیم کررہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) محکمہ داخلہ وقبائلی امور حکومت بلوچستان نے انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان اور تمام ڈویژنل کمشنرز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان نے عوام کے مفاد اور کاروباری سرگرمیوں کی بحالی کے لیے لاک ڈاؤن میں نرمی کی ہے اور کاروباری برادری کے لئے ماسک کا استعمال "لازمی" طور پر کرنے کا حکم دیا ہے۔ تاکہ تاجر برادری، دکاندار اور عام عوام اپنی نقل وحرکت اور کام یا خریداری کے دوران حکومتی ہدایات پر عمل کریں۔ لیکن کاروباری حلقہ اور عام عوام واضح طور پر ہدایات کی خلاف ورزی کررہے ہیں حکومتی ایس او پیز کی خلاف ورزی کی وجہ سے بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

15 تا 49 سال تک لڑکیاں اور عورتوں کو تشنج سے بچاؤ کیلئے ٹیکے لگائے جائیں گے

گندواو (نامہ نگار) تشنج جیسی ایک جان لیوا بیماری سے خواتین بچانے کیلئے صوبے بھر کی طرح ضلع جھل مگسی میں بھی 06 روزہ مہم کا افتتاح کردیا گیا، ڈپٹی کمشنر جھل مگسی ڈاکٹر شرجیل نور صاحب اور ڈی ایچ او جھل مگسی ڈاکٹر رشیانہ مگسی بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

محکمہ داخلہ وقبائلی امور حکومت بلوچستان کا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ داخلہ وقبائلی امور حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق صوبے بھر میں کورونا وائرس میں کمی کے پیش نظر تمام انتظامی ضلعے اور ان کے ماتحت ادارے، بازار اور اتھارٹیز کو کھلنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ مفاد عامہ کے تحت کیا گیا ہے۔ جو کہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔ پہلے سے نافذ العمل دفتری اوقات کی پابندی کی جائیگی۔

چیئرمین واپڈا ریٹائرڈ لیفٹیننٹ جنرل مزمل حسین کا واپڈا ہسپتال کوئٹہ کا دورہ

ہسپتال کے مختلف شعبوں سمیت ہسپتال سے ملحقہ زمین، ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی کارکردگی کا معائنہ کیا

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین واپڈا ریٹائرڈ لیفٹیننٹ جنرل مزمل حسین نے واپڈا ہسپتال کوئٹہ کا دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں سمیت ہسپتال سے ملحقہ زمین، ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی کارکردگی کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ واپڈا ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر الفت رحمان نے چیئرمین واپڈا کو ہسپتال سے متعلق بریفنگ دی۔ چیئرمین واپڈا نے واپڈا ہسپتال بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

شہید حیات بلوچ کے بہیمانہ اور ظالمانہ قتل افسوس ناک ہے، حافظ حبیب اللہ

شہید کے اہل خانہ اور مظلوم والدین انصاف فراہم کی جائے، محی الدین

پشین (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع پشین کے صدر حافظ حبیب اللہ صاحب جنرل سیکرٹری محی الدین، احسان اللہ، عطاء اللہ، اکرام الدین، محمد یوسف نعمانی، یاسر عرفات، زین اللہ اور دیگر نے اپنے مشترکہ بیان کہا کہ معصوم عوام کو ایسے ظلم اور بربریت کے ساتھ قتل کرنا انتہائی افسوسناک اور مظلوم عوام کے دلوں کو تکلیف دینے کے سوا کچھ نہیں اگر پشاور میں خالد ہامی نوجوان ایک ملعون کو صفحہ ہستی سے مٹاتا ہے تو قانون میں اسکی سزا دی ہے کہ (گستاخ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک سزا سر تن سے جدا) پھر بھی وہ پابند سلاسل کیونکہ مادرائے عدالت قتل کی کیا حیات بلوچ کا واقعہ اور اس جیسے سینکڑوں نہیں ہزاروں لاپتہ افراد اور مسخ شدہ لاشیں عدالت کے کہنے پر ہو رہا ہے؟ کیا یہ اس ملک وملت کے باشندے نہیں؟ کیا انہوں بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

رات آندھی اور بارش کی وجہ سے سکول کی چاردیواری کا زیادہ حصہ زمین بوس ہوگیا، عبدالحکیم بھنگر

سکول کا کافی کام مکمل بھی نہیں کیا گیا سکول کے کمرے جن کا کچھ حصہ بنایا گیا ہے وہ بھی کچھ عرصہ میں گر سکتے ہیں

بھنگر (نامہ نگار) گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول عبدالحکیم بھنگر تحصیل بھنگر ون ضلع نصیر آباد میں سابقہ ایم پی اے میر عبدالماجد ابڑو کی فنڈ سے تھیکہ اور رشن لعل نے تعمیر تو کیا جس نے ناقص تعمیراتی کام کرکے کاغذی کارروائی میں مکمل کرکے فنڈ کے پیسے ہڑپ کرگیا ہے محکمہ ایجوکیشن نصیر آباد محکمہ پی اینڈ آر ڈی سی نصیر آباد اور اس وقت کے ایم پی اے میر عبدالماجد ابڑو صاحب کے پاس بھی تحریری شکایت دی گئی مذکورہ ٹھیکیدار ناقص تعمیراتی کام کررہا ہے لیکن کوئی بھی کارروائی عمل میں نہیں لائی گی رات آندھی بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

ماشکیل کو میونسپل کمیٹی کا درجہ نہ دینا غریبوں لوگوں کے ساتھ ظلم کی انتہا ہے، میر جیند خان ریکی

حکومت کو ہر حال میں ماشکیل کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دینا ہوگا ہم اس حوالے سے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

ماشکیل (این این آئی) ماشکیل کے نوجوان سیاسی وسماجی رہنما میر جیند خان ریکی نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ماشکیل کو میونسپل کمیٹی کا درجہ نہ دینا غریبوں لوگوں کے ساتھ ظلم کی انتہا ہے 80 ہزار نفوس پر مشتمل سرحدی علاقے کو نظر انداز کرنے پر افسوس ہے ایسے ناجائز اقدامات کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ اس فیصلے کے خلاف سخت سے سخت احتجاج کیا جائے گا۔

تشنج سے بچاؤ کی چھ روزہ مہم کا ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس میں افتتاح کیا گیا، محمد یونس سنجرانی

تیرتھ (نامہ نگار) تشنج سے بچاؤ کی چھ روزہ مہم کا ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس میں افتتاح کیا گیا ڈپٹی کمشنر صحت پار محمد یونس سنجرانی نے ربن کاٹ کر باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر محمد اکبر کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر ماچھی پور عبدالکریم بگٹی میڈیکل آفیسر پی ایچ یو ڈاکٹر مشتاق بقیہ نمبر61 صفحہ 3 پر

یکم ستمبر کا جلسہ چاغی کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ ہوگا، میر داؤد خان نوتیزئی

جلسے میں تبدیلی کا نعرہ لگانے والوں کے دو سالا کارکردگی رپورٹ بھی عوام کے سامنے رکھا جائے گا

دالبندین (این این آئی) سابق ڈسٹرکٹ چیئرمین دوبابائے چاغی بلوچستان کے سرکردہ رہنما میر داؤد خان نوتیزئی کا کہنا ہے یکم ستمبر کا جلسہ چاغی کی تاریخ کا سب سے بڑا جلسہ ہوگا جلسہ میں ضلع بھر سے قبائلی عمائدین شرکت کرینگے جلسے میں تبدیلی کا نعرہ لگانے والوں کے دو سالا کارکردگی رپورٹ بھی عوام کے سامنے رکھا جائے گا چاغی ضلع کو راتوں رات ترقی دینے والے اور اقتدار سے قبل بلند وبانگ دعوی کرکے عوام کو جھوٹی خواب دکھانے والوں کا اصل چہرہ اب عوام کے سامنے آچکا ہے ان دو سالوں میں عوام کی حالت بد سے بدتر ہوچکی ہے۔

میر حاصل خان بزنجو سیاست میں مثبت روایات کے علمبردار تھے، مرزا حسین ہزارہ

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین مرزا حسین ہزارہ نے اپنے ایک تعزیتی بیان میں نیشنل پارٹی کے مرکزی قائد سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کی وفات پر ہزارہ قوم کی طرف سے گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ میر حاصل بزنجو ایک اہم پاکستانی قومی رہنما تھے جنہوں نے نہ صرف بلوچستان کے حقوق بلکہ قومی یکجہتی کیلئے نمایاں کردار ادا کیا ان کی سیاسی اور جمہوری جدوجہد کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا انہوں نے بیان میں سوگواران بقیہ نمبر64 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے سب سے بڑے زرعی ضلع نصیر آباد میں آٹے کا بحران شدت اختیار کرنے لگا

ڈیرہ مراد جمالی میں آٹا ڈیلروں نے ذخیرہ اندوزی شروع کردی جبکہ یوٹیلٹی اسٹوروں سے آٹا چینی غائب

ہوٹلوں پر دس روپے والی روٹی پندرہ روپے فروخت ہونے لگی

چاغی (آن لائن) بلوچستان کے سب سے بڑے زرعی ضلع نصیر آباد میں آٹے کا بحران شدت اختیار کرنے لگا ڈیرہ مراد جمالی میں آٹا ڈیلروں نے ذخیرہ اندوزی شروع کردی جبکہ یوٹیلٹی اسٹوروں سے آٹا چینی غائب 1800 سو والا آٹے کا اسپیشل تھیلا 2650 روپے فروخت کرنے لگے ہوٹلوں پر دس روپے والی روٹی پندرہ روپے فروخت ہونے لگی بڑے بڑے زمینداروں مل مالکان کے وارے نیارے ہو گئے تفصیلات کے مطابق بلوچستان میں سب سے زیادہ گندم پیدا کرنے والا ضلع نصیر آباد بقیہ نمبر63 صفحہ 3 پر

محرم الحرام میں جلوس کے شرکاء کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں گی

تحریک نفاذ فقہ جعفریہ اتحاد بین المسلمین کیلئے روز اول سے کوشش کررہی ہے یہ شہر اور صوبہ ہم سب کا ہے

ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ملکر تمام معاملات کو احسن انداز میں سرانجام دیتے رہیں گے اور تجریب بادینی کا ہادی عسکری، جنرل سیکرٹری مصطفیٰ کمال ودیگر سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور تجریب بادینی نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے دوران جلوس کے روٹ پر صفائی اور روشنی کے انتظامات کئے جارہے ہیں جلوس کے شرکاء کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں گے جلوس کے منتظمین اور انتظامیہ کے مابین باہمی مشاورت سے فیصلے کئے گئے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملاقات کیلئے آنے والے تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے صدر ہادی عسکری، جنرل بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

اوتھل اسپرنٹنڈنٹ انجینئر واپڈا پروجیکٹ ڈائریکٹر محمد شفیع میگسی، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حسن وقار اسپورٹس کمپلیکس اوتھل کا دورہ کررہے ہیں

بلوچستان نیشنل پارٹی جعفر آباد کے سابق ضلعی صدر احسان احمد کھوسہ ودیگر کا اظہار تعزیت

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی جعفر آباد کے سابق ضلعی صدر احسان احمد کھوسہ مرزا خان مینگل دلشاد احمد کھوسہ تنظیر مینگل سلیم مینگل شادی خان مینگل مراد بلوچ نواز کھوسہ نصر اللہ لہڑی محمد علی بہرانی فیض مینگل شمس مینگل عبدالرزاق مینگل حاجی اسلم مینگل حنیف مینگل بقیہ نمبر69 صفحہ 3 پر

ایس پی آفس سوراب کیا سسٹن